آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 12 شوال 1447 بدھ یکم اپریل 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 27

IMF کا مطالبہ: ڈیزل، موٹر اسپرٹ، پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد GST

آئندہ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں 16 سو ارب روپے سے زائد اضافے کے ساتھ ٹیکس وصولیوں کا ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز

پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگا ہونے کا خدشہ، نئے گھروں پر ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا بھی مطالبہ، اگلے بجٹ کے ٹیکس ہدف میں 1600 ارب روپے اضافے کی تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ کر دیا جس کے بعد پیٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگا ہونے کا خدشہ ہے، آئی ایم ایف نے آئندہ مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں 16 سو ارب روپے سے زائد اضافے کے ساتھ ٹیکس وصولیوں کا ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی ہے۔ ایف بی آر کے ذرائع نے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف نے حکومت سے کہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

سندھ حکومت کا 4 اپریل کو صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان

یہ تعطیل سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ نے 4 اپریل 2026 بروز ہفتہ کو صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا ہے۔ جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق یہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

اٹلی، اجازت کے بغیر امریکی فوجی طیاروں کی لینڈنگ کی کوشش ناکام

اٹلی (مانیٹرنگ ڈیسک) اٹلی نے امریکی فوجی


باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

ایران کا اسرائیل کی حیفہ آئل ریفائنری پر دوسرا بڑا حملہ

ریفائنری پلانٹ میں آگ بھڑک اٹھی اور آسمان دھوئیں کی لپیٹ میں آ گیا، میڈیا رپورٹس

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی جانب سے اسرائیل کے شہر حیفہ میں واقع آئل ریفائنری کو دوبارہ نشانہ بنایا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25



بیجنگ، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار پولیٹیکل بیورو کے رکن اور چین کے وزیر خارجہ H.E. وانگ یی سے ملاقات کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ قیام امن کیلئے پاک چین کا 5 نکاتی ایجنڈا پیش

مشترکہ امن منصوبہ، جلد امن مذاکرات کا آغاز، طاقت کے استعمال اور دھمکی سے گریز کا مشورہ، اقوام متحدہ کے منشور کی بالادستی، آبنائے ہرمز پر آمد و رفت بحال کرنے کا مطالبہ

ایران اور خلیجی ریاستوں کی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کا تحفظ کیا جائے، پاکستان اور چین نے مسائل کے حل کیلئے سفارتکاری اور مذاکرات کو واحد مؤثر راستہ قرار دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ میں امن کے قیام کیلئے پانچ نکاتی مشترکہ ایجنڈا پیش کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بیجنگ میں چینی ہم منصب وانگ یی سے ملاقات میں دونوں ممالک نے خلیج و مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے پانچ نکاتی مشترکہ منصوبہ پیش کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں خطے کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا جبکہ پانچ نکات پر مبنی مشترکہ امن منصوبہ پیش کیا۔ اعلامیے کے مطابق

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

اپنا تیل خود حاصل کرو، امریکا تمہاری مدد کو نہیں آئے گا: ڈونلڈ ٹرمپ

برطانیہ سمیت دیگر ممالک آئل امریکا سے خریدیں یا ہمت پیدا کر کے آبنائے ہرمز جائیں اور آئل حاصل کر لیں

فرانس نے "ایران کے قصائی" کے حوالے سے بہت ہی غیر مددگار رویہ اختیار کیا، امریکا یہ بات اسے یاد رکھے گا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ برطانیہ سمیت وہ ممالک جو ایران کے خلاف جنگ میں شامل نہیں ہوئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین اور کفایت شعاری کے اقدامات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ذخیرہ اندوزوں کیخلاف بلا امتیاز ایکشن لیا جائے: وزیراعظم

کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے کیلئے اہم اقدامات کیے ہیں، یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، شہباز شریف

وزیراعظم کی زیر صدارت خطے کی صورتحال پر پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی، کفایت شعاری اقدامات کے نفاذ سے متعلق اہم اجلاس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے پیٹرولیم سپلائی اور عوامی ریلیف پر بحال رکھنے اور اسمگلنگ کے خلاف سخت اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی سے ملاقات کر رہے ہیں

سندھ کابینہ نے متعدد ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دیدی

کابینہ نے ملیر تا گھگھر پھاٹک 30.5 کلومیٹر طویل ڈوئل کیرج وے کی مرمت و تزئین کے لیے 2.55 ارب روپے کی سفارش منظور کی

سینٹ پیٹرک اسکول کراچی میں جدید کثیر المقاصد اسٹیڈیم کیلئے 10 کروڑ روپے منظور، ایس ڈی جیز کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ہوا، جس میں صوبائی وزرا، مشیران، خصوصی معاونین، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور متعلقہ محکموں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ترقیاتی ایجنڈے اور کابینہ کمیٹی ... ملیر تا گھگھر پھاٹک 30.5 کلومیٹر طویل ڈوئل کیریج وے کی مرمت و تزئین کے لیے 2.55 ارب روپے کی ... 888.244 ملین روپے جبکہ مختلف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی عدالتی اصلاحات پر پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے دسویں لاء اینڈ جسٹس کمیشن کی صدارت کر رہے ہیں

عوامی تحفظ یقینی بنانے کیلئے کراؤڈ مینجمنٹ یونٹ قائم

سیکورٹی ڈویژن ابھرتے ہوئے چیلنجز سے پیشگی نمٹنے اور ہر وقت شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے، ڈی آئی جی مقصود احمد

مقصد امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانا اور ہنگاموں، عوامی اجتماعات اور ہنگامی حالات میں فوری اور پیشہ ورانہ ردعمل کو یقینی بنانا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو کی ہدایت کے مطابق ڈی آئی جی سیکورٹی ڈاکٹر مقصود احمد کی سربراہی میں سیکورٹی ڈویژن نے اسپیشل سیکورٹی یونٹ (SSU)، سیکورٹی ... 700 ٹرینڈ پالی ... کراؤڈ مینجمنٹ یونٹ (CMU) قائم کر دیا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



کراچی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن سندھ کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تمام محکمے جامع مختص بجٹ میں گزارا کریں: شرجیل میمن

اس وقت صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کو جنگی صورتحال کے باعث مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، سینئر صوبائی وزیر

کچے کے علاقوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اس حوالے سے میڈیا کو وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جاتا رہا ہے، ضیاء الحسن لنجار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کی جانب سے کفایت شعاری کے اقدامات کے تحت ... اس وقت صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کو جنگی صورتحال کے باعث مختلف چیلنجز کا سامنا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

دشمن کو حساس معلومات فراہم کرنے پر ایران میں 2 ملزمان گرفتار

ملزمان نے حساس مقامات کی معلومات امریکا اور اسرائیل کی جاسوسی ایجنسیوں کو فراہم کی

کراچی (ویب ڈیسک) ایران میں حساس معلومات دشمن کو فراہم کرنے کے شبے میں دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایران کی سکیورٹی فورسز نے دو مشتبہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ایران کے شمال مغربی علاقے میں سکیورٹی فورسز نے دو افراد کو گرفتار کیا جن پر الزام ہے کہ انہوں نے حساس مقامات کے بارے میں دشمن کو معلومات فراہم کیں۔ رپورٹس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

سانحہ گل پلازہ، عدالتی کمیشن کی کارروائی آخری مرحلے میں داخل، رپورٹ کی آمد جلد متوقع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سانحہ گل پلازہ پر قائم عدالتی کمیشن کی کارروائی مکمل ہونے کے قریب پہنچ گئی ہے اور کمیشن کی رپورٹ جلد آنے کا امکان ہے۔ کمیشن نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سے مزید سوالات کرتے ہوئے وضاحت طلب کر لی ہے۔ رجسٹرار عدالتی کمیشن اقبال حسین کلہی نے ڈی جی ایس بی سی اے کو خط لکھ دیا ہے، جس میں پوچھا گیا ہے کہ گل پلازہ جیسی عمارتوں میں قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کی ذمہ داری کس اتھارٹی پر عائد ہوتی ہے۔

اسائلم کیلئے سری لنکا جانے والے 3 افراد آف لوڈ

مسافروں کے پاس نہ ہوٹل بکنگ تھی اور نہ ہی مناسب مالی وسائل، ایف آئی اے

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی ایئرپورٹ پر ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے اسائلم کے لئے سری لنکا جانے والے بہاولپور سے تعلق رکھنے والے خاندان کے تین افراد کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق وزٹ ویزا پر اسائلم حاصل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، کراچی ایئرپورٹ پر بہاولپور سے تعلق رکھنے والے خاندان کے تین افراد کو آف لوڈ کر دیا گیا۔

انڈسٹری پر بجلی کی قیمت کا بوجھ کم کیا جائے، صنعتی صارفین

انڈسٹری اپنا بوجھ اٹھانے کے ساتھ دوسروں کا بھی بوجھ اٹھاتی ہے، چیئرمین نیپرا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بجلی ایک ماہ کے لیے 1 روپیہ 84 پیسے فی یونٹ مہنگی کرنے کے لیے اس ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی درخواست پر سماعت ... سی پی پی اے نے فروری کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

سکھر ایکسپریس میں جدید سہولیات کی حامل نئی کوچز شامل

نئی کوچز میں اکانومی، اے سی اسٹینڈرڈ اور اے سی بزنس کلاس کوچز شامل ہیں، ریلوے ترجمان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی خصوصی ہدایات اور وژن کے تحت مسافروں کو جدید، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں سکھر ایکسپریس میں نئی ریکس شامل کر دی گئی ہیں۔ ترجمان ریلوے کراچی کے مطابق سکھر ایکسپریس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

کندھکوٹ کے ایس ایس پی آفس میں بنائی گئی ڈاکوؤں کی ٹک ٹاک ویڈیو وائرل ہوگئی

کندھکوٹ (بیورو رپورٹ) سندھ کے شہر کندھکوٹ میں پولیس کے حساس دفتر سے ایک حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مبینہ طور پر ڈاکوؤں کی ٹک ٹاک ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی گئی ہے۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد سکیورٹی انتظامات اور پولیس کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات اٹھنے لگے ہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

اپریل میں بارش کے نئے سلسلے کے حوالے سے نئی ایڈوائزری

کراچی میں جمعرات کو گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے اپریل کے آغاز پر بارش کے نئے سلسلے کے حوالے سے نئی ایڈوائزری جاری کر دی۔ محکمہ موسمیات کی ایڈوائزری کے مطابق مغربی ہواؤں کا نیا سلسلہ کل بلوچستان کے راستے ملک میں داخل ہوگا۔ کراچی میں جمعرات کو گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ مذکورہ سسٹم شہر پر 4 اپریل تک بارش کی صورت اثر انداز ہو سکتا ہے۔



کراچی، سولجر بازار میں شہری نادرا وین سے شناختی کارڈ بنانے کیلئے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں

آئی جی سندھ کا سندھ پولیس میوزیم کی اپگریڈیشن کا فیصلہ

جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی مشاورت، میوزیم کو تعلیمی و تحقیقی مرکز بنانے پر اتفاق

کراچی (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو کی زیر صدارت سندھ پولیس میوزیم کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اسے ایک مؤثر تعلیمی و تحقیقی مرکز میں تبدیل کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس سندھ پولیس میوزیم، گارڈن ہیڈکوارٹر کراچی میں منعقد کیا گیا، جس میں پولیس کے اعلیٰ افسران اور سابق سربراہان نے شرکت کی۔

پرامن پاکستان انتشاریوں کی آنکھوں میں کھٹک رہا ہے: گورنر سندھ

پاکستان پرامن ملک ہے، کچھ عناصر انتشار پھیلانا چاہتے ہیں، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی مدبرانہ قیادت خطہ میں امن کیلئے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے، نہال ہاشمی

آج ایک وکیل گورنر کے عہدہ پر فائز ہے، ایسوسی ایشن کو امید ہے کہ سید محمد نہال ہاشمی وکلا برادری کے دیرینہ مسائل حل کرائیں گے، سیکریٹری جنرل فریدہ منگریو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے پاکستان خطہ میں ایک پرامن ملک ہے جہاں پر بعض عالمی عناصر انتشار پھیلانا چاہتے ہیں۔ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی مدبرانہ قیادت خطہ میں امن کے لئے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ موجودہ قیادت، خصوصاً وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی انتھک محنت سے پاکستان میں پیٹرولیم اور توانائی کا کوئی بحران نہیں۔ پاکستان عالمی سطح پر ایک مستحکم اور تعمیری قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے منگل کو سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا دورہ کیا۔ جہاں صدر حبیب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کھارادر میں خواتین کیساتھ نازیبا حرکت کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم مختلف خواتین کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے میں ملوث تھا، ایس ایچ او یون کمار

کراچی (کرائم رپورٹر) کھارادر پولیس نے خواتین کے ساتھ نازیبا حرکت کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایس ایچ او کھارادر یون کمار کے مطابق پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کھارادر کے علاقے میں خواتین کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے والے ملزم آدم ولد یوسف کو گرفتار کر لیا ہے۔ ملزم مختلف خواتین کے ساتھ نازیبا حرکات کرنے میں ملوث تھا۔

ایران نے اصفہان میں 3 کروڑ ڈالر کا امریکی ڈرون مارنے کا دعویٰ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے اصفہان میں امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی نیم سرکاری خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی یونٹس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

آئی ایم ایف وفد کی آئندہ ماہ پاکستان آمد کا امکان

نئی قسط کے اجرا کا فیصلہ متوقع، ایف بی آر کی کمزور کارکردگی بڑا چیلنج ہے، ذرائع آئی ایم ایف

ٹیکس اہداف بار بار پورے نہ ہونے کی وجہ سے اس ادارے سے متعلق تشویش برقرار ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی آئندہ ماہ پاکستان آمد کا امکان ہے، جس میں ایف بی آر کی کمزور کارکردگی بڑے چیلنج کے طور پر سامنے آئے گی۔ آئندہ ماہ کے وسط تک بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کا وفد پاکستان کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

قطر ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کوششوں میں شامل نہیں ہے، ترجمان

قطر (مانیٹرنگ ڈیسک) قطری حکومت کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ قطر ایران اور امریکا کے درمیان جاری ثالثی کوششوں میں شامل نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق قطری ترجمان کا کہنا تھا کہ ہماری توجہ اپنے ملک کے دفاع پر مرکوز ہے۔



کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں کابینہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM

فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

ABC CERTIFIED

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DALIY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی: سید ظاہر ملک — چیف ایڈیٹر: طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

پاکستان کی ثالثی کی کوششیں

مشرق وسطیٰ کے حوالے سے پاکستان کی خارجہ پالیسی کے لیے یہ ایک نازک اور حساس مرحلہ ہے۔ ایک طرف پاکستان کے ایران کے ساتھ قریبی جغرافیائی، تجارتی اور ثقافتی تعلقات ہیں، جب کہ دوسری طرف امریکا کے ساتھ تجارتی اور اسٹریٹیجک تعلقات بھی انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ پاکستان میں ان دونوں پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے اب تک اپنی خارجہ پالیسی کو انتہائی متوازن انداز میں آگے بڑھایا ہے۔ موجودہ حالات میں کیونکہ جنگ کا ماحول ہے لہٰذا اس توازن کو برقرار رکھنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ پاکستان کو نہ صرف اپنے قومی مفادات کا تحفظ کرنا ہے بلکہ خطے میں امن و استحکام کے لیے بھی اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ایوانِ صدر میں ہونے والا اعلیٰ سطح اجلاس اسی تناظر میں نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ سیاسی اور عسکری قیادت کا ایک میز پر بیٹھ کر اس صورتحال کا جائزہ لینا اس بات کی علامت ہے کہ پاکستان اس بحران کو سنجیدگی سے لے رہا ہے۔ اس اجلاس میں نہ صرف موجودہ صورتحال کا تجزیہ کیا جائے گا بلکہ مستقبل کے لیے حکمت عملی بھی طے کی جائے گی۔ دوسری جانب واشنگٹن سے آنے والے حالیہ بیانات نے ایک بار پھر عالمی سیاست کے اس پیچیدہ اور حساس چہرے کو بے نقاب کر دیا ہے جہاں الفاظ محض الفاظ نہیں ہوتے بلکہ طاقت، حکمت عملی اور مستقبل کے ممکنہ اقدامات کا پیش خیمہ ہوتے ہیں۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے تیل ذخائر پر قبضے اور اس کی اہم تنصیبات کو باآسانی اپنے کنٹرول میں لینے کے دعوے نے نہ صرف عالمی سفارتی حلقوں میں ہلچل مچا دی ہے بلکہ مشرقِ وسطیٰ جیسے پہلے ہی کشیدہ خطے میں ایک نئی بے چینی کو جنم دیا ہے۔ یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جنگ ہو رہی ہے، اس انتہائی اہم اور نازک مرحلے کے دوران کسی بھی غلط قدم کے نتیجے میں جنگ کا دائرہ پھیلنے کے خطرات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا بلکہ قیام امن کے لیے جو کوششیں ہو رہی ہیں انھیں بھی نقصان پہنچنے کے اندیشہ ہوسکتا ہے کیونکہ ایران کی وہ قیادت جو جنگ بندی کے لیے تیار ہے وہ بھی مشکل سے دوچار ہو جائے گی۔ آج امریکی صدر ایران کے تیل پر قبضے کی بات کرتے ہیں تو یہ محض ایک وقتی بیان نہیں بلکہ ایک طویل عرصے سے جاری کشمکش کا تسلسل محسوس ہوتا ہے۔ ایران دنیا کے بڑے تیل پیدا کرنے والے ممالک میں شامل ہے اور اس کے توانائی کے ذخائر عالمی معیشت کے لیے نہایت اہم ہیں۔ ایسے میں کسی بھی قسم کی فوجی مداخلت یا قبضے کی کوشش نہ صرف ایران بلکہ پوری دنیا کے لیے ایک سنگین بحران کا باعث بن سکتی ہے۔ خارگ جزیرہ، جسے ایران کی تیل برآمدات کا اہم ترین مرکز سمجھا جاتا ہے، اس وقت عالمی توجہ کا مرکز بن چکا ہے۔ اگر اس تنصیب کو نشانہ بنایا جاتا ہے یا اس پر قبضے کی کوشش کی جاتی ہے تو یہ ایران کے لیے ایک بڑا معاشی دھچکا ہوگا۔

1 اپریل: اپریل فول ڈے اور ہوشیاری کی ضرورت



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

ہر سال یکم اپریل کو دنیا بھر میں اپریل فول ڈے کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن لوگوں کو ہلکی پھلکی شرارتوں اور مذاق کرنے کے لیے مخصوص ہے۔ لوگ اس دن اپنے دوستوں، خاندان یا کولیگز کے ساتھ چھوٹے چھوٹے مذاق کرتے ہیں اور کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا ہے کہ یہ مذاق بہت اصلی لگنے لگتا ہے۔ اس دن کی تاریخ کا آغاز یورپ میں سینکڑوں سال پہلے ہوا، اور آہستہ آہستہ یہ روایت دنیا کے مختلف ممالک تک پہنچی۔ پاکستان میں بھی یہ دن کافی مقبولیت رکھتا ہے، لیکن یہاں اکثر لوگ اس دن کو سمجھنے کی بجائے دوسروں کو بے وقوف بنانے میں لگ جاتے ہیں۔ سوشل میڈیا اور واٹس ایپ جیسے پلیٹ فارمز نے اس دن کی مقبولیت میں اضافہ کر دیا ہے کیونکہ لوگ جھوٹی خبروں، فرضی وائرل پوسٹس یا تصویروں کے ذریعے دوسروں کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ یکم اپریل کو ہر خبر پر فوراً یقین نہ کیا جائے۔

اس دن احتیاط بہت اہم ہے۔ اگر آپ کو کوئی ایسی خبر ملے جو غیر معمولی یا خوفناک لگے، تو سب سے پہلے اسے دوبارہ چیک کریں۔ ہوسکتا ہے کہ یہ صرف مذاق ہو۔ اپنی حفاظت کے لیے کسی بھی واقعے پر فوری ردعمل دینے سے گریز کریں اور محتاط رہیں۔ اپریل فول ڈے پر ہوشیار رہنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ نہ صرف خود محفوظ رہیں بلکہ دوسروں کے ساتھ بھی غیر ضروری پریشانی پیدا نہ کریں۔

آخر میں یہ کہنا ضروری ہے کہ اپریل فول ڈے خوش مزاجی اور مذاق کا دن ہے، لیکن اس دن اپنا دل مضبوط رکھنا بھی لازمی ہے۔ کسی کو موقع نہ دیں کہ وہ آپ کو بے وقوف بنائے یا کسی جھوٹی خبر سے آپ پریشان ہوں۔ دوستوں اور اہل خانہ کے ساتھ ہنسی مذاق کریں، لیکن ہوشیاری کے ساتھ۔ یاد رکھیں، عقل مندی اور ہوشیاری کے بغیر یہ دن صرف دھوکہ دہی کا سبب بن سکتا ہے۔

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان: حقوق اور محرومیوں کا ازالہ ضروری



تحریر: یوسف امام
سینئر تجزیہ کار

ریاست جموں و کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور آزاد کشمیر و گلگت بلتستان اس کی پہلی دفاعی لائن تصور کیے جاتے ہیں۔ 11 مئی 1971 کے نوٹیفکیشن کے تحت یہ فیصلہ ہوا کہ عملی معاملات میں یہ دونوں علاقے وفاق کے صوبوں کے برابر سمجھے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کو نیم صوبائی حیثیت دی گئی جبکہ آزاد کشمیر کی مخصوص حیثیت برقرار رکھی گئی۔ تاہم روزمرہ کے تمام معاملات میں یہ دونوں علاقے پاکستان کے صوبوں کے برابر اسٹیک ہولڈرز ہیں اور انہیں وہ تمام حقوق، مراعات اور اختیارات ملنے چاہئیں جو صوبوں کو حاصل ہیں۔ آج دنیا میں تقریباً تین لاکھ کشمیری مقیم ہیں، جن میں سے نصف سے زیادہ پاکستان کے شہروں میں مختلف وجوہات سے مقیم ہیں اور یہاں ٹیکس ادا کرتے ہیں، مگر ان کے حقوق کی مکمل پاسداری نہیں کی جاتی۔

ٹیکس کا مسئلہ اس محرومی کی ایک واضح مثال ہے۔ آزاد کشمیر میں کاروبار کرنے والے تاجروں کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) میں شامل نہیں کیے جاتے، جس کے نتیجے میں وہ پاکستان میں نان فائلر شمار ہوتے اور اضافی ٹیکس ادا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ آزاد کشمیر ایل پی جی ایسوسی ایشن کے صدر شوکت سلیم شائق نے اس غیر منصفانہ سلوک پر شدید احتجاج کیا ہے۔ یہ معاملہ 11 دسمبر 2025 کے نوٹیفکیشن کے بعد بھی حل نہیں ہوا، جس سے واضح ہوتا ہے کہ ایف بی آر حکام کی نااہلی عوامی احساس محرومی کو مزید بڑھا رہی ہے۔ وزیراعظم، وزیر خزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک کو اس مسئلے پر فوری نوٹس لینا ضروری ہے۔

آزاد کشمیر کے مسائل صرف ٹیکس تک محدود نہیں ہیں۔ وفاق کی طرف سے کشمیر کونسل کو دی جانے والی آمدنی میں اس علاقے کا حصہ بہت کم ہے، بجٹ کا خسارہ اکثر پورا نہیں کیا جاتا اور منگلا ڈیم کی رائلٹی نہیں ملتی۔ بجلی کے منصوبوں جیسے نیلم جہلم اور تربیلا ڈیم کی آمدنی میں بھی غیر مساوی رویہ اختیار کیا جاتا ہے، جبکہ میرپور کو بجلی مفت دینے کے وعدے کے باوجود لوڈشیڈنگ عام ہے۔ اعلیٰ عہدوں پر پاکستان کی سول سروس کے افسران تعینات کیے جاتے ہیں، جس سے مقامی حکومت کی خودمختاری متاثر ہوتی ہے اور عوام میں بے چینی پیدا ہوتی ہے۔

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو حقیقی اسٹیک ہولڈر کے طور پر حقوق دلوانا اور محرومیوں کا ازالہ کرنا وفاقی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ مقامی حکومت کو بھی صرف مراعات پر توجہ دینے کی بجائے عوامی مسائل حل کرنے کی سنجیدہ کوشش کرنی چاہیے۔ آزاد کشمیر کو ماڈل ریاست بنا کر ہی مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے مضبوط سیاسی اور اخلاقی بنیاد رکھی جاسکتی ہے۔ سیاسی قیادت کو حکمرانی کے بجائے جموں و کشمیر کی آزادی کو اپنی ترجیح بنانا ہوگی تاکہ عوامی اعتماد اور خطے میں استحکام قائم ہوسکے۔

عمل سے بڑا ردعمل: سیاست اور طاقت کی پیچیدگیاں



تحریر: عادل عباسی
سینئر تجزیہ کار

عمل سے بڑا ردعمل اکثر بڑے مسائل پیدا کرتا ہے، جبکہ ردعمل کے شکار چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ پہلگام سانحے میں 28 افراد کی ہلاکت نے خطے میں ہلچل پیدا کی، مگر یہ اتنا بڑا واقعہ نہیں تھا کہ سندھ طاس معاہدہ ہی منسوخ ہو جائے۔ مودی سرکار نے فوری ردعمل کے طور پر بہاولپور اور مریدکے میں دو مساجد پر حملہ کیا تاکہ اپنی سیاسی اور اخلاقی حیثیت بحال ہو۔ مگر اس حملے نے انہیں محض عارضی فتح دی، جبکہ بین الاقوامی سطح پر انہیں بے برکت اور تنہا کر دیا۔ اس کے برعکس پاکستان جو خطے میں تنہائی کا شکار دکھائی دے رہا تھا، عالمی سطح پر اپنی حکمت عملی اور ردعمل سے مضبوط مقام حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔

اسی طرح، 23 اکتوبر کے واقعے میں نیتن سرکار نے اسکولوں اور اسپتالوں پر حملہ کیا، جس سے عالمی برادری کی توجہ حاصل ہوئی، مگر یہ حملہ بھی ان کے سیاسی اور اخلاقی قد کو کمزور کرنے کے مترادف رہا۔ ایران میں رجیم مخالف مظاہروں کو دبانے کے بعد نیتن سرکار نے ایران کے اندرونی مسائل میں مداخلت کی، جس سے مظاہرے ختم ہو گئے اور کمزور نظام مضبوط ہو گیا۔ اس کے ساتھ ہی امریکا میں ڈونلڈ ٹرمپ نے عالمی تعلقات اور داخلی سیاست میں اپنا ردعمل بڑھا کر بے ترتیبی پیدا کی، جس کے نتیجے میں داخلی اور خارجی دونوں محاذوں پر مشکلات بڑھ گئیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے رویے کی سب سے بڑی غلطی یہ تھی کہ وہ مذاکرات کی میز پر ہونے والی بات چیت کو براہِ راست جنگ کے میدان میں لے آئے۔ عمل سے بڑا ردعمل دینے کے نتیجے میں انہوں نے آیت اللہ خامنہ ای کو بھی اتنی اہمیت دے دی کہ ایران میں رجیم مخالف گروپ بھی رجیم کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ امریکا میں جنگ مخالف مظاہروں نے ٹرمپ کی پالیسی اور بیانیے کو بھی نقصان پہنچایا، اور ان کا داخلی توازن بگڑ گیا۔ یہ دکھاتا ہے کہ طاقتور رہنما بھی ردعمل کی شدت میں اپنی سیاست اور مقبولیت کھو سکتے ہیں۔

آخرکار، یہ تجربہ واضح کرتا ہے کہ عمل اور ردعمل میں توازن کی کمی عالمی سیاست میں نقصانات پیدا کر سکتی ہے۔ نیتن یاہو کی پوزیشن مستحکم رہی، مگر ٹرمپ کے بیانیے اور حکمت عملی متاثر ہوئی۔ ردعمل کی زیادہ شدت نہ صرف ذاتی حیثیت کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ علاقائی اور عالمی سطح پر بھی اثر ڈالتی ہے۔ سیاست میں قدم اٹھانے سے پہلے ہر ردعمل کی مقدار اور اثر کا حساب ضروری ہے، ورنہ عمل سے بڑا ردعمل انسان یا ریاست دونوں کو چھوٹا کر دیتا ہے۔

ناسازگار حالات میں بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں، اسلم فاروقی

ایم کیو ایس سی کا شہر کے انفراسٹرکچر کی تباہی کے خلاف کراچی کی پکار مہم چلانے کا عزم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل ایم کیو ایس سی (پاکستان) کے چیئرمین محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ ناسازگار حالات میں ہوتے ہوئے بھی اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں اور کراچی کے انفراسٹرکچر کی تباہی کے خلاف کراچی کی پکار مہم کو چلانے کا عزم رکھتے ہیں ...

نیو کراچی فائر بریگیڈ کے عملے کی کارکردگی قابل تعریف ہے، شمسہ مہ جبین

بروقت کارروائی نے نہ صرف مالی نقصان کو کم کیا بلکہ انسانی جانوں کو محفوظ رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی صدر شمسہ مہ جبین نے نیو کراچی فائر بریگیڈ کے بہادر عملے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بروقت اور مؤثر کارروائی نے نہ صرف مالی نقصان کو کم کیا بلکہ انسانی جانوں کو محفوظ رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کیا ...

اورنگی ٹاؤن میں پیپلز پارٹی کی مقبولیت مخالفین کو ہضم نہیں ہو رہی۔ نور محمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی 28 کے صدر نور محمد ...

مردہ و حرام جانوروں کا گوشت استعمال کرنے والے ہوٹلوں کو بند کیا جائے، سید شفیع قادری

حرام گوشت نہ صرف اسلامی تعلیمات کے منافی ہے بلکہ شہریوں کی صحت کے لیے بھی خطرناک ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کراچی میں ہانی وے پر قائم متعدد ہوٹلوں اور ریسٹورانٹس میں حرام اور مردار جانوروں کے گوشت کے استعمال پر شہریوں اور مذہبی اداروں نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے ...

پیپلز پارٹی نے جب بھی برسراقتدار کیا تو عوام کے مسائل حل ہوئے۔ آصف چانڈیو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن آصف چانڈیو نے کہا کہ کوئی بھی سازش عوام کے دلوں سے پیپلز پارٹی کو نکال نہیں سکتا ...





چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف ورلڈ بینک کے ادارے سے کلک اور ٹاؤن کے تعاون سے شیخ سعدی اسکول الیکٹ G-11 میں نئی عمارت کی تعمیر کا معائنہ کر رہے ہیں

عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا میری اولین ترجیح میں شامل ہے۔ حاشر عمر

... علاقے کے عوام کو بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانا میری اولین ترجیح میں شامل ہے ...



میونسپل ورکرز ٹریڈ یونینز الائنس کے سربراہی اجلاس سے سید ذوالفقار شاہ، گل اسلام، حبیب الرحمٰن، منظور جتوئی، ڈاکٹر سعید اختر، سید ندیم زیدی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ادبی محافل ادب اور ثقافت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، نور سہارنپوری

امریکہ سے تشریف لائے معروف شاعر رفیع الدین راز کی صدارت، مہمان خصوصی قمر وارثی تھے

سندھ حکومت اور میئر کراچی کی غفلت اور لاپرواہی سے کراچی کھنڈرات کا نقشہ پیش کر رہا ہے، افضل وہاب

لہر و فنیر ٹو کے مکینوں کا پانی کی شدید قلت کے خلاف بڑا احتجاجی مظاہرہ

پانی کی فراہمی کے مطالبات اور واٹر بورڈ کے خلاف شدید نعرے درج تھے

گزشتہ کئی ہفتوں سے علاقے میں پانی کی فراہمی مکمل طور پر بند ہے، مظاہرین

پیپلز پارٹی اپنے مشن پر قائم ہے۔ محمد مقبول خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 84 کے انفارمیشن سیکریٹری محمد مقبول خان نے ...

وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام میں علماء و مشائخ تاریخی کردار ادا کریں گے، مفتی جان نعیمی

اسلام کے خلاف ہونے والی منظم سازشوں کا مقابلہ علم، شعور اور مضبوط دینی تربیت کے ذریعے ہی ممکن ہے

منظم سازشوں اور نظریاتی یلغار کا مقابلہ صرف علم، شعور اور مضبوط دینی تربیت کے ذریعے ہی ممکن ہے



صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمسہ مہ جبین، کلیم محمد رفیق جونیجو کی بھانجی کی شادی کے موقع پر فوٹو

شہر کراچی ترقیاتی کاموں سے مثالی بنے گا۔ میر اکبر چانڈیو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما میر اکبر چانڈیو نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہر کراچی میں ... ترقیاتی کاموں سے مثالی بنے گا ...

پیٹرول کی قیمتوں میں ریکارڈ توڑ اضافہ عوام کی کمر توڑ دیا۔ زاہد اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی یوسی ... زاہد اقبال ...

ڈکیتی کی واقعات میں اضافہ نوجوانوں کی بے روزگاری کا نتیجہ ہے۔ نعیم اقبال

دنیا بھر میں مسلمانوں کو مختلف سازشوں اور آزمائشوں کا سامنا ہے، پیر ارشد کاظمی

باہمی اختلافات کو ختم کر کے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، تقریب سے خطاب

مخیر حضرات انسانیت کی خدمت کر کے اپنی آخرت کی تیاری کریں۔ ایچ حسین اخوندزادہ

اسکول کے طلباء کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، امام الدین شیخ

اسکول کی عمارت نہ ہونے کے باعث بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جس سے ان کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے

سماجی ذمہ داریوں کو سمجھنا ہر فرد کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، مفتی فیض قادری

معاشرے میں امن و بھائی چارے کو فروغ دینے کے لیے تمام طبقات کو مل کر کام کرنا ہوگا

حکومت شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے، عبدالرحمٰن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی کیو ایم پاکستان قیادت ... کے صدر عبدالرحمٰن ... نے مشترکہ بیان میں کہا کہ صوبائی حکومت کراچی میں ٹریفک قوانین کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی۔



کراچی، بزم سائنسی ادب کی 328 ویں ماہانہ نشست کی صدر محترمہ ڈاکٹر سمیرا منصور و دیگر کا گروپ فوٹو



کراچی ... کے زیر اہتمام ... کے موضوع پر منعقدہ ... پروفیسر سعید قریشی، ڈاکٹر احسن قوی، وقاص احمد، معاذ حسن، سید بلند سہیل و دیگر خطاب کر رہے ہیں

بقیہ نمبر اطلاعات 01

ای کی شہادت کی خبر کے بعد زینب بتول شدید افسردہ تھی اور اس نے اپنی عیدی کی تمام خوشیاں رہبر معظم کے نام کرنے کا فیصلہ کیا۔ والد کا کہنا تھا کہ بچی نے خود اصرار کیا کہ اس کی عیدی جنگی متاثرین تک پہنچائی جائے تاکہ وہ بھی کسی حد تک مدد حاصل کر سکیں۔ ڈونیشن کیمپ میں ایک جذباتی منظر دیکھنے میں آیا جہاں چھوٹے چھوٹے بچے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے تھے۔ کئی بچوں نے اپنی جمع پونجی، عیدی اور حتیٰ کہ اپنی سائیکلیں بھی بطور عطیہ جمع کروائیں، جس سے انسانیت، یکجہتی اور ہمدردی کا پیغام واضح طور پر سامنے آیا۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ اس طرح کے اقدامات معاشرے میں احساس ذمہ داری اور انسان دوستی کو فروغ دیتے ہیں اور نئی نسل کو انسانیت کی خدمت کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے زینب بتول اور دیگر بچوں کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ عمل پوری قوم کے لیے ایک مثال ہے۔ آخر میں منتظمین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ جنگی متاثرین کی مدد کے لیے ڈونیشن کیمپ کا حصہ بنیں اور اپنی استطاعت کے مطابق تعاون کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ ضرورت مند افراد تک امداد پہنچائی جا سکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

ضرورتمند آنکھوں (موتیا) کے مریضوں کا آپریشن بمعہ امریکن لینس ہڈیوں کے بھر بھرا پن (پی۔ ایم۔ ڈی۔ ا) موٹاپا بی۔ ایم آئی، بلڈ شوگر ٹیسٹ بالکل مفت کیئے گئے ڈاکٹر شایان شادمانی کی ٹیم نے آنکھوں کا معائنہ کیا اور 52 مریضوں میں موتیا کی تشخیص کی ضرورتمند مریضوں کا 3 اپریل کو حنیفہ لطیف میموریل اسپتال نارتھ کراچی میں امریکن فولڈ ایبل لینس کے ساتھ بالکل مفت آپریشن کیا جائیگا۔ الٹرا ساؤنڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عبداللہ بن زبیر نے 35 الٹرا ساؤنڈ کیئے ڈاکٹر روبینہ، ریمیڈل اسکن سینٹر کے اسکن اسپیشلسٹ اور ڈاکٹر ہیم بی ایم ڈی اسپیشلسٹ اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری طیر کی ٹیم نے تقریباً 250 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا اور ضرورتمند مریضوں کو مفت دوائیں فراہم کی گئیں۔ رومیرین کیٹن (ر) ساجد محمود، فنکار، حارث یوسف خان، سماجی رہنما وہلہ عمران سہ، مسلم لیگ (ن) کے رہنما سید شمس العارفین اور دیگر نے کیمپ کا دورہ کیا اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سماجی کارکن زاہد رحیم اور انکی ٹیم انسانیت کی مسلسل بے لوث خدمت کررہی ہے اور غریب ضرورتمند مریض کو اس کی دہلیز پر مفت طبی سہولیات فراہم کرنا ایک نیک عمل ہے مفت آئی میڈیکل کیمپ میں حافظ محمد خالد ایڈوکیٹ، عبدالقادر خانخیلی، وسیم الدین، محمد وقاص، شارق انور، سید عادل نور، شکیل اشرفی، عبدالباری نے خدمات انجام دیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں شریک نمایاں علما کرام میں مفتی محمد ایوب سکندری، مفتی کمال الدین سکندری، مفتی محمد رمضان نعیمی، مفتی محمد ہاشم سکندری، علامہ طاہر ریاض مصطفائی، علامہ پیر سید افتخار اشرف اشرفی جیلانی، علامہ قاری ریاض الحسن چشتی، علامہ علی حسن طاہری، قاری محمد صالح طاہری، مولانا دلدار سکندری، علامہ احسان ہنگورا سمیت دیگر شامل تھے اس موقع پر معززین میں ڈی ایس پی سید غیاث الدین راشدی، سید سلیمان شاہ، جابر مجید، شمس الدین پلیجو، مختیار احمد آرائیں، حسن پلیجو اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے علما کرام نے ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کی یوسول اسپتال میں خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے اپنے دور ملازمت میں عوام کی خدمت کو اپنا شعار بنایا۔ مقررین نے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور انسان دوست رویے کو سراہا آخر میں علما کرام اور معززین کی جانب سے ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کو اعزازی سند پیش کی گئی جبکہ انہیں اجرک اور پھولوں کے ہار پہنا کر بھرپور انداز میں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

تعاون کو فروغ دینے پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت نے معزز شخصیات کو بھرپور خاص کے دورے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ دونوں رہنماؤں کی آمد سے علاقے میں ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملے گی اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ بعد ازاں وزیر خوراک جاوید احمد تھانوی کی جانب سے چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کے اعزاز میں پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں خوشگوار ماحول میں غیر رسمی گفتگو بھی جاری رہی۔ ملاقات کو باہمی روابط کے فروغ اور مستقبل میں مشترکہ اقدامات کے لیے مثبت پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

لائیو پے ارنگ ڈرائیونگ لائسنس کے انچارج انسپکٹر مظہر علی بلوچ اور دیگر موجود تھے۔ شرجیل گوپلانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محمد ذکی نے جس طرح عوام کی فلاح بہبود کیلئے کام کرتے رہتے ہیں۔ کبھی گرمیوں میں عوام کیلئے ٹھنڈے پانی کی سبیل اور شربت کا اہتمام کرتا آج بھی 2 روزہ ڈرائیونگ لائسنس کا کیمپ لگایا گیا۔ آخر میں محمد ذکی نے کہا کہ میں آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن سرپرست اعلیٰ محمد شرجیل گوپلانی اور ان تمام تاجر برادری کے دوستوں کا جو میرے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوئے۔ میری حوصلہ افزائی کرتے رہتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

گلشن میں ایک پروقار اور یادگار عید ملن مشاعرہ منعقد برپا ہوا، جس میں شہر قائد کے ممتاز شعراء اور اہل ذوق کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مشاعرہ کی صدارت معروف سینئر شاعر سلیم فوز نے کی، جبکہ مسند مہمانان پر سہیل احمد، زاہد حسین جوہری، نگار احمد ڈار اور ڈاکٹر سکندر علی مطرب بطور مہمانان خصوصی جلوہ افروز تھے۔ نظامت کے فرائض م۔م مغل نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیے، جبکہ تنظیم کی چیئرپرسن شبانہ خان شالی تارہ نے معاونت کرتے ہوئے تقریب کے حسن کو دوبالا کیا۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعتیہ کلام پیش کیا گیا۔ جس کی سعادت نظامت کار م۔م مغل نے حاصل کی۔ چیئرپرسن شبانہ خان شالی تارہ نے خطبہ استقبالیہ میں معزز مہمانان اور سامعین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تنظیم کے ادبی سفر پر روشنی ڈالی، اور اپنا کلام بھی پیش کیا۔ مشاعرہ میں جن شعرائے اپنا کلام پیش کر کے داد سمیٹی، ان میں مناکول سجاول، فراز شاہد، اشعر عالم عماد، ڈاکٹر شاہد صدیقی، جاوید علی، عارف پرویز نقیب، ناہید عزمی، م۔م مغل، ڈاکٹر خالد محمود قیصر اور توقیر تقی شامل تھے۔ بعد ازاں مسند پر موجود معزز شعراء ڈاکٹر سکندر علی مطرب، نگار احمد، سہیل احمد اور زاہد حسین جوہری نے بھی اپنے منتخب اشعار سے محفل کو گرمایا۔ تقریب میں شہر بھر کے دیگر عمائدین کی بھی نمایاں شرکت رہی، جن میں جناب جاوید حسین، محترمہ جبین زاہد، امریکہ سے تشریف لائی ہوئی شاعرہ ڈاکٹر درخشاں، پاک برٹش آرٹس انٹرنیشنل سندھ چیپٹر کے نائب صدر محترم سعید احمد اور ایگزیکٹو ممبر محترمہ تسنیم بخاری، محترم ڈاکٹر سید شارق جمال اور کن

صوبائی اسمبلی و اسٹینڈنگ کمیٹی ہوم اینڈ ایگری کلچر (...) محترم شاہد صاحب (چیئرمین ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام) اور معروف ٹی وی آرٹسٹ محترم فہیم صاحب شامل تھے، جن کی موجودگی نے اس عید ملن مشاعرے کے وقار اور اقتدار میں مزید اضافہ کیا۔ صدر مشاعرہ سلیم فوز نے اپنے صدارتی خطاب میں تمام شعرا کے کلام کو سراہتے ہوئے اس کامیاب ادبی نشست کے انعقاد پر منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے اپنا کلام بھی پیش کیا، جسے حاضرین کی بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی اور فرمائش پر مزید اشعار سنا کر سامعین کو خوب محظوظ کیا۔ تقریب کے اختتام پر چیئرپرسن شبانہ خان شالی تارہ نے مہمانان گرامی کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور مسند پر موجود معزز شخصیات کو گلدستے پیش کیے۔ یہ مشاعرہ ادبی ذوق کی تسکین اور اہل قلم کے باہمی روابط کے فروغ کا ایک خوبصورت ذریعہ ثابت ہوا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

اور سید راشد شاہ راشدی بھی موجود تھے، جہاں ملک بالخصوص سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سردار معظم عباسی نے پیپلز پارٹی کے قائدین کو لبیک کہتے ہوئے پارٹی میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔ بعد ازاں خیرپور میں پیپلز پارٹی کے موقف سے اتفاق کرتے ہوئے سردار معظم علی خان عباسی نے اپنی شمولیت کی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

میں مشغول ثابت ہوتا ہے۔ اس موقع پر صحافی برادری نے بھی اپنے مسائل، تجاویز اور آراء پیش کیں جنہیں غور سے سنا گیا اور ان کے حل کے لیے مناسب اقدامات کی یقین دہانی کروائی گئی۔ جہلم پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے اور میڈیا کے ساتھ باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا تاکہ ایک پرامن معاشرے کے قیام کو یقینی بنایا جا سکے۔ ڈی پی او جہلم طارق عزیز چوہدری

بقیہ نمبر اطلاعات 09

ملاقات۔ تفصیلات کے مطابق یو سی چیئرمین حاجی محمد علی کو اسلام آباد پہنچنے پر سندھ ہاؤس میں بطور خاص مہمان ٹھہرایا گیا، جہاں انہوں نے ایک روز قیام کیا۔ قیام کے دوران اہم سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقاتوں کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ بعد ازاں چیئرمین حاجی محمد علی نے مظفر آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر کے ترجمان محترم شوکت جاوید میر سے ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی، جبکہ مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر حاجی محمد علی کے قریبی دوست اور معروف شخصیت، سنئیر صحافی عقیل اعوان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کو خوشگوار اور مثبت پیش رفت قرار دیا گیا، جس میں باہمی روابط کو مزید مستحکم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین حاجی محمد علی کے اس اعلیٰ سطحی ملاقات کو سیاسی و سماجی حلقوں میں اہم پیش رفت کے طور پر دیکھا جارہا ہے، جس سے آئندہ دنوں میں مزید مثبت نتائج کی توقع ظاہر کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 10

ہمراہ سابق سینیٹر ملک امام الدین شوقین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تعلقہ اسپتال ٹنڈو آدم کی بہتری، طبی سہولیات کی فراہمی اور درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر سابق سینیٹر ملک امام الدین شوقین نے اسپتال کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تعلقہ اسپتال ٹنڈو آدم میں پیپلز پیڈ ایمرجنسی ونگ کے یونٹ کے قیام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے عہدیداران اور ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ یہ یونٹ صحت کے شعبے میں مثبت کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 11

عشرت العباد خان نے کہا کہ ہم نے وطن پرستی کی تحریک کو ملک بھر کی آواز بنادیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملک کا وقار بھارت اور افغانستان و دیگر پراکسی وار میں دشمن کو شکست دے کر بڑھانے کے علاوہ سفارتی محاذ پر بھی حکومت کی مدد کی ہے اور انکا کردار ملک کی سلامتی اور وقار کے ساتھ ساتھ پاکستان کی اہمیت کو بھی اجاگر کررہا ہے۔ ہمیں فوج پر فخر ہے ساتھ ساتھ حکومت نے پارلیمنٹ مصنوعات کے لئے جو قدم اٹھایا اور اضافہ کرنے سے گریز کیا وہ بھی اچھا عمل ہے عوام کو ریلیف دینا بہترین عمل ہے صوبوں کو بھی اس میں حصہ ڈالنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے ترقی میں ایک دوسرے سے مقابلہ کریں تو ترقی کیوں نہیں ہوگی آیا پاکستان کی اہمیت اور اسکے قیام کے مقصد کو ہمیشہ ذہن نشین رکھا جائے۔ اکی بنیادوں میں 20 لاکھ جانوں کا نذرانہ ہے۔ نفرت کی سیاست کا بیج ختم کرنے کے لئے ہم سیاست میں شرافت کا عنصر لے کر میدان میں آئے ہیں۔ سیاست میں تشدد اور آمرانہ طرز عمل ملک کے لئے اچھا عمل نہیں ۔ پاکستان ہم سب کی ریڈ لائن ہے۔ کے پی اور بلوچستان کے عوام دہشت گردی سے لڑرہے ہیں اور ہمارے محافظ دن رات ان دہشت گردوں کو جہنم واصل کررہے ہیں۔ میں عظیم جانبازوں اور عوام کو سلام تحسین پیش کرتا ہوں۔ پنجاب میں فوری بلدیاتی الیکشن کرائے جائیں۔ صوبوں کو 18 ویں ترمیم کے ثمرات نچلی سطح تک منتقل کرنے چاہئیں ۔ پنجاب اسمبلی نے A-140 کے حق میں قرارداد منظور کی۔ لیکن سندھ میں وہی جماعت اسکو نفرت کی طرف دھکیل رہی ہے۔ 28 ویں ترمیم فوری ہونی چاہئے۔ پرویز شرف کا سٹی گورنمنٹ کا نظام ملک میں ترقی کی لازوال مثال بنا۔ عوام کا سوچیں اسی طرح کا نظام لائیں۔ جس میں عوام کی دعائیں ملیں۔ ایک کمشنری نظام وڈیروں اور اشرافیہ کی طاقت کا نظام ہے۔ سندھ میں ارباب جانڈیو کو انصاف نہیں ملا کیونکہ حکومت کا اثر مظلوم کو انصاف نہیں دینے دیتا۔ ہم اعلیٰ عدلیہ سے ارباب جانڈیو کو انصاف کی فراہمی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں۔ پنجاب، کے پی سمیت ہر صوبہ میں انصاف کا نظام بہتر ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک واپس آکر سیاسی حکمت عملی کا اعلان کروں گا۔ ہم نے رجحان کی سیاست روشناس کرائیں گے۔ 2027 کے بلدیاتی الیکشن سندھ میں ہونے ہیں ہم اس پر مشاورت کررہے ہیں۔ حقیقی نمائندوں کو ایوانوں میں بھیجیں گے۔ ملک میں ریاست پہلے اور سیاست بعد میں ہمارا بنیادی ایجنڈا ہے۔ تمام ملک کی سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں میاں برادران، پی پی پی، ایم کیو ایم، سب سے رابطے ہیں اور ہم ملک کے لئے ہر اچھی سوچ کے حامل سیاست داں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ انہوں نے میانوالی اور پنجاب کے مختلف شہروں سے شامل ہونے والے ساتھیوں کو خوش آمدید کہا۔ تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ کام تیز کریں۔ جلد مرکزی کیمٹی دوروں کا آغاز کرے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 12

سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق یہ سہولت میٹروں پر نہیں بلکہ ان کے گھروں کی دیواروں پر نصب کی گئی ہے تاکہ عام بجلی میٹر اور آؤٹ سے بچایا جاسکے۔ عوامی حلقوں نے اس اقدام کو کھلی بدعنوانی، سفارش بازی اور ناانصافی کی انتہا قرار دیا ہے۔

شہریوں کا کہنا ہے ہم زندگی اندھیرے میں گزار رہے ہیں بجلی بند ہے، لوڈشیڈنگ جاری ہے اور یہ چند لوگ دیواروں پر لگے میٹروں سے مکمل سہولت لے رہے ہیں۔ یہ ظلم اور بے انصافی کی کھلی مثال ہے ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ اقدام صرف سرکاری افسران کی ملی بھگت اور کرپشن کی واضح نشاندہی کرتا ہے اور اگر فوری طور پر اس کی روک تھام نہ کی گئی تو پورے شہر میں عوامی احتجاج جنم لے سکتا ہے شہر کے باشندے مطالبہ کررہے ہیں کہ پوش علاقوں اور عام شہریوں میں فرق کو ختم کیا جائے، تمام میٹروں کا فوری آڈٹ کیا جائے اور ہر شہری کو شفاف بنیاد پر بجلی فراہم کی جائے یہ واقعہ نہ صرف ظلم و ناانصافی بلکہ حیسکو کی شفافیت اور کارکردگی پر سوالیہ نشان بھی لگا تا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 13

جواب جمع کروایا اور ذاتی سماعت میں پیش ہوئے۔ سرکاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ الزامات ثابت ہونے اور شوکاز نوٹس کی عدم تعمیل پر اپنی ڈسپلن اینڈ ڈسپلن رولز کے تحت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے انجینئر انور علیم خانزادہ کو فوری طور پر سرکاری ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے حکومت سندھ نے اس اقدام کو تعلیمی نظام میں شفافیت برقرار رکھنے کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں میں ملوث افراد کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 14

اقدامات نہ کریں انھیں سیل کر دیا جائے۔ دریں اثنا کمشنر کراچی کی زیر صدارت ان کے دفتر میں جاری سیفٹی آڈٹ سروے مہم کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کمشنر کی ہدایت پر تمام اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں عمارتوں اور دکانوں کا سیفٹی آڈٹ شروع کر دیا گیا ہے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام اضلاع میں حفاظتی اقدامات نہ کرنے اور سیفٹی اصول و ضوابط پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کریں اجلاس میں تمام ڈپٹی کمشنرز کی شرکت۔ سیفٹی آڈٹ سروے کے بارے میں کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی کمشنر کو بتایا گیا کہ 775 عمارتوں میں سیفٹی آڈٹ مکمل کرلیا گیا ہے۔ 197 عمارتوں میں جزوی طور پر جبکہ 285 بڑی حد تک عملدرآمد کیا جارہا ہے۔ اجلاس میں تمام ڈپٹی کمشنرز ایڈیشنل کمشنر غلام مہدی شاہ اور ایڈیشنل کمشنر 2 اسداللہ کھوسو اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز رابعہ سید اور اسسٹنٹ کمشنر جنرل وقاص عباسی نے شرکت کی۔ فیصلہ کیا گیا کہ کراچی میں تمام کمرشل اور اہم نجی اور سرکاری عمارتوں کا سیفٹی آڈٹ کیا جائے گا سیفٹی بنایا جائے گا کہ تمام عمارتوں میں آتشزدگی کی روک تھام کے لئے سیفٹی قوانین پر عملدرآمد ہو۔ ڈپٹی کمشنرز تمام عمارتوں کا معائنہ کریں گے اور اداروں کو پابند کریں گے کہ وہ سیفٹی تقاضے پورے کرنے کے لئے ضروری اقدامات کریں۔ کمشنر نے کہا کہ یقینی بنایا جائے کہ فوری نوعیت کے اقدامات کے لئے تمام عمارتوں میں۔ فائر الارم، آگ بجھانے والے آلات، ایمرجنسی ایگزٹ اشارے اور اسموک ڈیٹیکٹر موجود ہونے چاہیں۔ کمشنر نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ سیفٹی اصول و ضوابط پر عمل نہ کرنے والوں کو پابند کریں کہ وہ جلد از جلد سیفٹی تقاضے پورے کریں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 15

کرتے ہوئے مارکیٹ کی پہلی منزل پر موجود 200 دکانوں کو سیل کر دیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر اور تعلقہ دار کارنے پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ شوسیٹر پر چھاپہ مارا اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔ پولیس حکام کے مطابق مارکیٹ کے اندر آگ سے بچاؤ کے لیے کوئی حفاظتی اقدامات نہیں کیے گئے تھے، بلکہ فور پر گیس سلنڈرز، تھنر اور دیگر خطرناک سامان موجود پایا گیا جو کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا تھا۔ واضح رہے کہ اس مارکیٹ کو اس سے قبل 3 فروری کو بھی سیل کیا گیا تھا، تاہم فائر سیفٹی اقدامات کا نوٹس جاری ہونے کے 7 دن بعد اسے اس شرط پر ڈی سیل کیا گیا تھا کہ تمام انتظامات مکمل کیے جائیں گے۔ دوبارہ نوٹس جاری کیے جانے کے باوجود دکانداروں اور انتظامیہ نے آگ سے بچاؤ کے اقدامات نہیں کیے۔ پولیس اور ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ انسانی جانوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ حکام نے واضح کر دیا ہے کہ جب تک فائر سیفٹی کے تمام لازمی اقدامات مکمل نہیں کیے جاتے، مارکیٹ کو ڈی سیل نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 16

عشرت العباد خان نے کہا کہ ہم نے وطن پرستی کی تحریک کو ملک بھر کی آواز بنادیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملک کا وقار بھارت اور افغانستان و دیگر پراکسی وار میں دشمن کو شکست دے کر بڑھانے کے علاوہ سفارتی محاذ پر بھی حکومت کی مدد کی ہے اور انکا کردار ملک کی سلامتی اور وقار کے ساتھ ساتھ پاکستان کی اہمیت کو بھی اجاگر کررہا ہے۔ ہمیں فوج پر فخر ہے ساتھ ساتھ حکومت نے پارلیمنٹ مصنوعات کے لئے جو قدم اٹھایا اور اضافہ کرنے سے گریز کیا وہ بھی اچھا عمل ہے عوام کو ریلیف دینا بہترین عمل ہے صوبوں کو بھی اس میں حصہ ڈالنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے ترقی میں ایک دوسرے سے مقابلہ کریں تو ترقی کیوں نہیں ہوگی آیا پاکستان کی اہمیت اور اسکے قیام کے مقصد کو ہمیشہ ذہن نشین رکھا جائے۔ اکی بنیادوں میں 20 لاکھ جانوں کا نذرانہ ہے۔ نفرت کی سیاست کا بیج ختم کرنے کے لئے ہم سیاست میں شرافت کا عنصر لے کر میدان میں آئے ہیں۔ سیاست میں تشدد اور آمرانہ طرز عمل ملک کے لئے اچھا عمل نہیں ۔ پاکستان ہم سب کی ریڈ لائن ہے۔ کے پی اور بلوچستان کے عوام دہشت گردی سے لڑرہے ہیں اور ہمارے محافظ دن رات ان دہشت گردوں کو جہنم واصل کررہے ہیں۔ میں عظیم جانبازوں اور عوام کو سلام تحسین پیش کرتا ہوں۔ پنجاب میں فوری بلدیاتی الیکشن کرائے جائیں۔ صوبوں کو 18 ویں ترمیم کے ثمرات نچلی سطح تک منتقل کرنے چاہئیں ۔ پنجاب اسمبلی نے A-140 کے حق میں قرارداد منظور کی۔ لیکن سندھ میں وہی جماعت اسکو نفرت کی طرف دھکیل رہی ہے۔ 28 ویں ترمیم فوری ہونی چاہئے۔ پرویز شرف کا سٹی گورنمنٹ کا نظام ملک میں ترقی کی لازوال مثال بنا۔ عوام کا سوچیں اسی طرح کا نظام لائیں۔ جس میں عوام کی دعائیں ملیں۔ ایک کمشنری نظام وڈیروں اور اشرافیہ کی طاقت کا نظام ہے۔ سندھ میں ارباب جانڈیو کو انصاف نہیں ملا کیونکہ حکومت کا اثر مظلوم کو انصاف نہیں دینے دیتا۔ ہم اعلیٰ عدلیہ سے ارباب جانڈیو کو انصاف کی فراہمی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں۔ پنجاب، کے پی سمیت ہر صوبہ میں انصاف کا نظام بہتر ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک واپس آکر سیاسی حکمت عملی کا اعلان کروں گا۔ ہم نے رجحان کی سیاست روشناس کرائیں گے۔ 2027 کے بلدیاتی الیکشن سندھ میں ہونے ہیں ہم اس پر مشاورت کررہے ہیں۔ حقیقی نمائندوں کو ایوانوں میں بھیجیں گے۔ ملک میں ریاست پہلے اور سیاست بعد میں ہمارا بنیادی ایجنڈا ہے۔ تمام ملک کی سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں میاں برادران، پی پی پی، ایم کیو ایم، سب سے رابطے ہیں اور ہم ملک کے لئے ہر اچھی سوچ کے حامل سیاست داں کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ انہوں نے میانوالی اور پنجاب کے مختلف شہروں سے شامل ہونے والے ساتھیوں کو خوش آمدید کہا۔ تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ کام تیز کریں۔ جلد مرکزی کیمٹی دوروں کا آغاز کرے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 17

بڑھے گی، جس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا کہ ان کا پیسہ محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ اس کے ساتھ ہی کسی بھی قسم کی شکایت یا تنازع کی صورت میں اب ایک باقاعدہ اور موثر نظام بھی دستیاب ہوگا۔ نئی شرط ان تمام لائسنس یافتہ ایڈوائزرز اور ڈسٹری بیوٹرز پر لاگو ہوگی جو مختلف ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور پنشن فنڈ مینیجرز کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ موقاپ ایک خود مختار ادارے کے طور پر ان تمام ممبران کو اپنے پلیٹ فارم پر رکھنا کرے گا اور ان کے کام کرنے کے پیشہ ورانہ معیار کی نگرانی کرے گا۔ اس سے جہاں ایک طرف مارکیٹ کے معاملات کو بہتر طریقے سے چلانے میں مدد ملے گی، وہاں دوسری طرف مالیاتی نمائندوں کی پیشہ ورانہ مہارت میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس پورے عمل کا مقصد پاکستان میں میوچل فنڈز کے شعبے کو زیادہ قابل بھروسہ، منظم اور مستحکم بنانا ہے تاکہ عام آدمی بلا جھجک سرمایہ کاری کر سکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 18

میں امریکن فولڈ ایبل لینس کے ساتھ بالکل مفت آپریشن کیا جائیگا۔ الٹرا ساؤنڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر عبداللہ بن زبیر نے 35 الٹرا ساؤنڈ کیئے ڈاکٹر روبینہ، ریمیڈل اسکن سینٹر کے اسکن اسپیشلسٹ اور ڈاکٹر ہیم بی ایم ڈی اسپیشلسٹ اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری طیر کی ٹیم نے تقریباً 250 سے زائد مریضوں کا چیک اپ کیا اور ضرورتمند مریضوں کو مفت دوائیں فراہم کی گئیں۔ رومیرین کیٹن (ر) ساجد محمود، فنکار، حارث یوسف خان، سماجی رہنما وہلہ عمران سہ، مسلم لیگ (ن) کے رہنما سید شمس العارفین اور دیگر نے کیمپ کا دورہ کیا اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سماجی کارکن زاہد رحیم اور انکی ٹیم انسانیت کی مسلسل بے لوث خدمت کررہی ہے اور غریب ضرورتمند مریض کو اس کی دہلیز پر مفت طبی سہولیات فراہم کرنا ایک نیک عمل ہے مفت آئی میڈیکل کیمپ میں حافظ محمد خالد ایڈوکیٹ، عبدالقادر خانخیلی، وسیم الدین، محمد وقاص، شارق انور، سید عادل نور، شکیل اشرفی، عبدالباری نے خدمات انجام دیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 19

14 اپریل کو سہ پہر 4 بجے سے نماز مغرب تک ادارہ نور حق میں ہوگا اجتماع سے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان خصوصی خطاب جبکہ شیخ الحدیث مفتی عطاء الرحمٰن، نگراں شعبہ حج انجینئر صابر احمد بھی خطاب کریں گے، شعبہ حج کے معاون قاسم رشید نے اس سال فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے جانے والے مرد و خواتین کو تربیتی اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 20

پالیسی بھی پیش کیا گیا، جس میں فوری اصلاحات کی نشاندہی کی گئی، جن میں قانون سازی میں ترامیم، ادارہ جاتی ہم آہنگی کو مضبوط بنانا، ایف آئی آر کے طریقہ کار میں بہتری، موثر ریفرل سسٹم، انصاف فراہم کرنے والے اداروں کی صلاحیت میں اضافہ، اور تحفظ کی خدمات میں سرمایہ کاری بڑھانا شامل ہیں۔ لیگل ایڈ سوسائٹی کی ایڈوکیٹ علیہ ضیائے گھریلو تشدد کی روک تھام پر تحقیقی مقالہ پیش کیا، جس میں دس اسٹیپ پریکٹس سینٹرز کو مضبوط بنانے، پولیسنگ نظام میں بہتری، ضلعی سطح پر موثر تحفظی نظام قائم کرنے، اور خدمات کی مربوط فراہمی کی تجاویز شامل تھیں۔ چیئرپرسن سندھ کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن، ایڈوکیٹ روبینہ امان بروہی نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے گھریلو تشدد کے موثر سدباب کے لیے مشترکہ کاوشوں کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کمیشن کی جاری آگاہی مہم اپنے قوانین جانیے، اپنے حقوق پہچانیے کا ذکر کیا، جو تھر پارکر سے شہید بینظیر آباد تک نچلی سطح پر منعقد کی جارہی ہے تاکہ خواتین کو ان کے قانونی حقوق سے آگاہ کیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انفرادی کوششوں سے آگے بڑھ کر اجتماعی اور مربوط اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ حقیقی اثرات حاصل کیے جا سکیں۔ چیئرپرسن روبینہ امان بروہی نے سندھ حکومت کی جانب سے گھریلو تشدد ایکٹ کی منظوری کو سراہتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 13 برسوں میں اس قانون پر اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد نہیں ہوسکا۔ انہوں نے خواتین کمیشن، محکمہ ترقی نسواں اور دیگر سول سوسائٹی تنظیموں کی جانب سے تجویز کردہ ترامیم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تحفظی مراکز کا دائرہ کار بڑھایا جائے، تمام اضلاع میں دن اسٹاپ پریکٹس سینٹرز مکمل کیے جائیں، ویمن پولیس اسٹیشنز کو مضبوط بنایا جائے، آگاہی کے لیے بجٹ میں اضافہ کیا جائے اور متاثرہ خواتین کو بااختیار بنایا جائے۔ اختتامی کلمات میں صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی نے کہا کہ قانونی آگاہی دیہی اور پسماندہ طبقات تک نہیں پہنچ رہی، جس کی ایک بڑی وجہ قوانین کا اردو اور سندھی زبان میں دستیاب نہ ہونا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ویمن ڈویلپمنٹ ڈپارٹمنٹ لیڈی ہیلتھ ورکرز کے ذریعے گھر گھر آگاہی مہم چلا رہی ہے اور اس بات پر زور دیا کہ لڑکیوں کو بااختیار بنانا گھریلو تشدد کی روک تھام کے لیے کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن اور محکمہ ترقی نسواں سندھ کی خواتین کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ پالیسی ڈائیلاگ کے اختتام پر تمام شرکت داروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے گا، قانونی تحفظ کو مضبوط بنایا جائے گا، اور قوانین پر موثر اور مسلسل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ سندھ بھر میں خواتین کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 21

مقدار میں کھانا ضائع ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رویہ غیر ذمہ دارانہ ہے اور اس کی اصلاح انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ صرف اتنا ہی کھانا لیں جتنا وہ کھا سکیں اور خوراک کی قدر کریں کیونکہ ملک میں ایک بڑی تعداد ایسے افراد کی ہے جو دو وقت کی روٹی کے لیے بھی محتاج ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تقریبات کے میزبانوں اور منتظمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ کھانے کے بہتر انتظامات کریں اور ایونٹ کے مقامات پر نمایاں طور پر ایسے پیغامات آویزاں کریں جیسے کھانا ضائع نہ کریں اور بچوں کے لیے کھانا بچائیں تاکہ مہمانوں میں شعور پیدا کیا جا سکے۔ کوکب اقبال نے اعلان کیا کہ کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان خوراک کے ضیاع کے خلاف ایک ملک گیر آگاہی مہم شروع کررہی ہے، جس کا مقصد عوام، ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور ایونٹ آرگنائزرز کو زیرو ویسٹ فوڈ کے اصولوں پر عملدرآمد کی ترغیب دینا ہے۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ وہ اس اہم مسئلے پر سنجیدگی سے غور کریں اور اپنی متعلقہ اسمبلیوں میں قرار دادیں منظور کریں تاکہ خوراک کے ضیاع کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نجی اداروں اور فلاحی تنظیموں مل کر ایسا نظام وضع کریں جس کے تحت بچ جانے والی خوراک کو محفوظ طریقے سے مستحق افراد تک پہنچایا جا سکے تاکہ

کھانا ضائع ہونے کے بجائے کسی کے کام آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ زیرو ویسٹ فوڈ کو قومی سطح پر ایک عادت بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور گھروں سے لے کر ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور شادی ہالز تک ہر سطح پر اس پر عملدرآمد یقینی بنایا جانا چاہیے۔ کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ عوام میں شعور اجاگر کرنے، ذمہ دارانہ طرز زندگی کو فروغ دینے اور خوراک کے ضیاع کے خاتمے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 22

ترجیح دیتا ہے۔ کیسپرسکی کے مارکیٹ ریسرچ سینٹر کی تحقیق کے مطابق 84 فیصد جواب دہندگان کا کہنا ہے کہ وہ اپنی حساس ذاتی معلومات جیسے شناختی دستاویزات، مالی تفصیلات، طبی معلومات یا تصاویر کا ذخیرہ الیکٹرانک شکل میں رکھتے ہیں۔ ڈیجیٹل ڈیٹا اسٹوریج کے حوالے سے 56 فیصد افراد اہم ریکارڈ کمپیوٹر یا ہارڈ ڈرائیو میں محفوظ کرتے ہیں، 45 فیصد کلاؤڈ سروسز استعمال کرتے ہیں جبکہ 20 فیصد افراد سرکاری ڈیجیٹل سروسز پر انحصار کرتے ہیں۔ ہر اسٹوریج طریقے کے اپنے فوائد اور حدود ہیں۔ فزیکل میڈیا گم یا خراب ہو سکتا ہے، بیرونی ہارڈ ڈرائیوز ہر وقت استعمال میں آسان نہیں ہوتیں، جبکہ کلاؤڈ سروسز تک رسائی آسان ہونے کے باوجود غیر مجاز رسائی کا خطرہ رہتا ہے۔ ڈیٹا اسٹوریج کا کوئی ایک ہی طریقہ سب کے لیے موزوں نہیں، اور نہ ہی ہر فائل کا بیک اپ ضروری ہے۔ 1-2-3 بیک اپ حکمت عملی کے مطابق اہم ڈیٹا کی کم از کم تین کاپیاں رکھیں، انہیں دو مختلف ذرائع پر محفوظ کریں، اور کم از کم ایک کاپی کسی بیرونی جگہ (جیسے کلاؤڈ یا آف لائن مقام) پر رکھیں۔ انتہائی حساس معلومات جیسے پاس ورڈز، شناختی کارڈ اور مالی تفصیلات کے لیے خصوصی توجہ ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے کیسپرسکی پاس ورڈ مینیجر جیسے محفوظ سافٹ ویئرز کا استعمال کریں، جو صارف کی لاگ ان معلومات اور بینک کارڈز کے ساتھ ساتھ اہم دستاویزات (جیسے اسکین شدہ پاسپورٹ، شناختی کارڈ، پی ڈی ایف فائلز، ایڈریس اور نوٹس) کو محفوظ رکھنے کے لیے "سیکرٹ والٹ" کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ کیسپرسکی کے مطابق 98 فیصد صارفین اپنے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کے لیے کوئی نہ کوئی اقدامات کرتے ہیں، جو ایک مثبت علامت ہے۔ تاہم 36 فیصد افراد آسانی سے یاد رہنے والے پاس ورڈز استعمال کرتے ہیں، جو سیکیورٹی کے لیے خطرہ بن سکتا ہے کیونکہ اس سے ڈرمنٹ فورس حملوں کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اسی لیے ماہرین دوہری تصدیق فعال کرنے یا پاس کی ٹیکنالوجی اپنانے کی سفارش کرتے ہیں۔ کیسپرسکی پریمیم صارفین کو ڈیٹا لیک پر باقاعدہ ٹیک اپ اور ڈیٹا بحال کرنے کی سہولت دیتا ہے، جبکہ ڈیٹا کو آسانی سے ریموویبل ڈرائیوز یا کلاؤڈ میں انکرپٹڈ شکل میں محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ کاسپرسکی کی کنزیومر بزنس کی نائب صدر مارینا ٹیٹوا کے مطابق "ہم سب جانتے ہیں کہ بیک اپ ضروری ہے، مگر اکثر لوگ اسے نظر انداز کر دیتے ہیں کیونکہ وہ ایک ساتھ سب کچھ محفوظ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بہتر طریقہ یہ ہے کہ ڈیٹا کو اہمیت کے مطابق تقسیم کریں۔ انتہائی اہم، اہم اور کم اہم۔ اہم ڈیٹا کے لیے فوری بیک اپ خودکار بنائیں اور باقی کے لیے ہفتہ وار یا ماہانہ شیڈول مقرر کریں۔ حساس معلومات جیسے پاس ورڈز اور شناختی دستاویزات کے لیے محفوظ والٹ کا استعمال کریں۔ جب آپ خودکاری اور ترجیحی نظام اپناتے ہیں تو بغیر دباؤ کے اہم چیزوں کی حفاظت ممکن ہو جاتی ہے۔"

بقیہ نمبر اطلاعات 23

اے سے کم اپریل تک تحریری جواب طلب کر لیا ہے۔ سندھ حکومت کی درخواست پر سانحہ گل پلازہ کی تحقیقات کے لیے عدالتی کمیشن قائم کیا گیا تھا، جسے آٹھ ہفتوں میں انکوائری مکمل کرنے کا وقت دیا گیا۔ عدالتی کمیشن عینی شاہدین، دکانداروں، متاثرین اور ماہرین کے بیانات ریکارڈ کر چکا ہے۔ اس کے علاوہ ایس بی سی اے، کے ایم سی، بورڈ آف ریونیو، فلاحی اداروں کے کارکنان، ریسکیو 1122، شہری دفاع، ڈی سی اور فائر بریگیڈ کے سربراہان کے بیانات بھی قلمبند کیے جا چکے

بقیہ نمبر اطلاعات 24

مطالبات کررہے ہیں جس کے تحت اگلے مالی سال ٹیکس ہدف میں 16 سو ارب روپے سے زائد اضافے کی تجویز دے دی ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے پیٹرول سمیت ایندھن پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ کیا ہے، اس وقت پیٹرولیم مصنوعات پر جی ایس ٹی کی شرح صفر ہے، اسی طرح آئی ایم ایف نے سولر صارفین پر بھی 18 فیصد ٹیکس عائد کرنے پر زور دیا ہے اور نئے گھروں پر ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے چھوٹے کاروباروں اور تاجروں پر اثاثوں کی بنیاد پر ٹیکس لگانے اور نئے بجٹ میں ٹیکس ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی ہے جبکہ رواں سال 14 ہزار 131 ارب کا ہدف کم کر کے 13 ہزار 979 ارب رکھا گیا تھا، ہدف میں 152 ارب کی کمی کے باوجود 8 ماہ میں 428 ارب روپے شارٹ فال ہوا۔ حکام ایف بی آر کے مطابق مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں ٹیکس وصولی میں 600 ارب سے بڑھنے کا خدشہ ہے اور رواں ماہ (مارچ) میں اب تک 865 ارب سے زائد کی وصولی، ہدف 1387 ارب ہے، جنگ کے باعث درآمدات متاثر، مہنگے تیل سے کاروباری سرگرمیوں میں کمی ہو قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 25

اس دوسرے میزائل حملے میں ریفائنری کے فیول جیٹنگ اور انفراسٹرکچر ایریا کو نقصان پہنچا ہے۔ حملے کے نتیجے میں ریفائنری پلانٹ میں آگ بھڑک اٹھی اور آسمان دھوئیں کی لپیٹ میں آگیا۔ تاہم اس حملے میں فی الحال کوئی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ آگ پر قابو پالیا گیا ہے جبکہ تیل کی پیداوار مکمل طور پر بند نہیں ہوئی ہے۔ واضح رہے کہ اس سے پہلے بھی رواں ماہ میں ہی ایران نے حیفہ ریفائنری کو نشانہ بنایا تھا۔ اس حملے میں بھی انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا تھا اور بجلی کی عارضی بندش ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 26

طیاروں کو مشرق وسطیٰ سے منسلک کارروائیوں کے لیے سسلی کے فضائی اڈہ استعمال کرنے سے منع کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فیصلے کا تعلق نیول ایئر اسٹیشن سگونیلا سے ہے جو ایک اسٹریٹجک مرکز ہے جو اکثر نیٹو اور امریکی مشن کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق امریکی طیاروں نے شمالی بمباروں کے مشرق وسطیٰ کی طرف جانے سے پہلے اڈے پر اترنے کی توقع تھی تاہم انہیں اترنے سے منع کر دیا۔ رپورٹس کے مطابق درخواست مسترد اس لیے کی گئی کیونکہ اجازت کے مناسب طریقہ کار پر عمل نہیں کیا گیا تھا، اٹلی میں امریکی فوجی اڈوں کے استعمال کو کنٹرول کرنے والے معاہدوں کے تحت درخواست سے باضابطہ طور پر مشورہ کیا جانا چاہیے اور اس طرح کی کارروائیوں کو آگے بڑھنے سے پہلے منظوری دینا چاہیے۔ مبینہ طور پر اطالوی حکام سے پیشگی مشاورت نہیں کی گئی تھی، جس کی وجہ سے انکار کیا گیا۔ وزارت دفاع نے اس معاملے پر کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 27

پاکستان اور چین نے مشرق وسطیٰ اور خلیج میں تنازع کو مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے، جنگ سے متاثرہ علاقوں میں انسانی امداد کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کا منصوبہ پیش کیا۔ دونوں ممالک نے زور دیا کہ ایران اور خلیجی ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کا تحفظ کیا جائے جبکہ پاکستان اور چین نے مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور مذاکرات کو واحد موثر راستہ قرار دیتے ہوئے تمام فریقین پر تنازع کے پرامن حل کے لیے مذاکرات شروع کرنے کی تجویز دی۔ دونوں ممالک نے زور دیا کہ کوئی بھی ملک طاقت کا استعمال یا دھمکی سے گریز کرے جبکہ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے اور غیر عسکری تنصیبات پر حملے فوری طور پر روکنے کا مطالبہ کیا گیا۔ دونوں ممالک کی جانب سے توانائی، پانی صاف کرنے کے پلانٹس، بجلی گھروں اور پرامن جوہری تنصیبات کے تحفظ پر بھی زور دیا گیا۔ آبنائے ہرمز کو عالمی تجارت اور توانائی کی ترسیل کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے دونوں ممالک نے جہازوں اور عملے کی حفاظت یقینی بنانے اور تجارتی جہازوں کی محفوظ و جلد آمدورفت بحال کرنے کا مطالبہ کیا۔ چین اور پاکستان نے کثیرالجہتی نظام کو فروغ دینے، اقوام متحدہ کے کردار کو مضبوط بنانے اور بین الاقوامی قوانین کی بنیاد پر جامع امن فریم ورک تشکیل دینے کی حمایت کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دونوں ممالک کی جانب سے پیش کیے گئے نکات خطے میں دیرپا امن کے قیام اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہو سکتے ہیں۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار ایک روزہ اہم سرکاری دورے پر بیجنگ پہنچ گئے جہاں انکی چینی ہم منصب سے اہم ملاقات ہوئی ہے۔ چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی اور چینی سفیر یو نے شاؤ ینگ نے بیجنگ پہنچنے پر وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا استقبال کیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 28

تحلیل ذوالفقار علی بھٹو کی 47 ویں برسی کے موقع پر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تعطیل کا اطلاق صوبہ سندھ کے تمام سرکاری دفاتر، خود مختار اداروں، نیم خود مختار اداروں، کارپوریشنز اور لوکل کونسلز پر ہوگا، تاہم ضروری خدمات اس سے مستثنیٰ ہوں گی۔ یہ اعلان محکمہ سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن کی جانب سے جاری کیا گیا، جس پر چیف سیکرٹری سندھ کے دستخط بھی موجود ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 29

لیں ہمارے پاس وافر مقدار میں موجود ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ان ممالک کے لیے دوسری تجویز ہے کہ وہ کچھ تاخیر سے ہی سہی مگر ہمت پیدا کریں، آبنائے ہرمز جائیں اور آئل حاصل کرلیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ آپ کو اب خود لڑنا سیکھنا ہوگا، امریکا اب آپ کی مدد کے لیے نہیں آئے گا بالکل ویسے ہی جیسے آپ ہمارے لیے نہیں آئے تھے، ایران کو بنیادی طور پر تباہ کر دیا گیا ہے اور مشکل مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ پوسٹ کے آخر میں انہوں نے مزید لکھا کہ "جاکر اپنا تیل خود حاصل کرو"۔ ٹرتھ پر ایک اور پوسٹ میں ٹرمپ نے فرانس پر اظہار برہمی کیا اور کہا کہ فرانس کے ملک نے اسرائیل جانے والے ان طیاروں کو جو فوجی سامان سے لدے ہوئے تھے، اپنی فضائی حدود سے گزرنے کی اجازت نہیں دی۔ ٹرمپ نے کہا کہ فرانس نے "ایران کے قصائی" کے حوالے سے بہت ہی غیر مددگار رویہ اختیار کیا ہے (ایران) کامیابی کے ساتھ ختم کر دیا گیا ہے، امریکا یہ بات اسے یاد رکھے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 30

نے پیٹرولیم مصنوعات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز ایکشن لیا جائے۔ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم کا کہنا تھا کہ گزشتہ تین ہفتوں کے دوران وفاقی حکومت نے کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف دینے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کے لیے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی، کفایت شعاری اور دیگر اقدامات کے ذریعے عوام کو 129 ارب روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کے بروقت فیصلوں کی بدولت ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی ضروریات کے لیے وافر مقدار موجود ہے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کفایت شعاری اقدامات پر عملدرآمد جاری ہے جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی طلب و رسد اور سپلائی چین کی نگرانی ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے باقاعدگی سے کی جارہی ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزرا اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی

بقیہ نمبر اطلاعات 31

سڑکوں کی توسیع و مرمت کے لیے 1,966.401 ملین روپے کی منظوری دی گئی۔ تیار ٹاؤن ڈبا گوٹھ اور نو شہرہ فیروز روڈ سے عمران ہائی وے تک روڈ منصوبے بھی شامل ہیں۔ سینٹ پیٹرک اسکول کراچی میں جدید کثیر المقاصد اسٹیڈیم کے لیے 10 کروڑ روپے منظور کیے گئے۔ تھر انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (این ای ڈی کیمپس) کی تعمیر کے لیے 6.63 ارب روپے کی منظوری دی گئی۔ سرکاری اداروں کو سابقہ برسوں کی طلبہ فیس واپسی کے لیے 3.4 ارب روپے کی اصولی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ہدایت کی کہ رعایت صرف مستحق طلبہ کو دی جائے اور شفاف نظام بنایا جائے۔ ایس ای ای جی کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دی گئی، جس کے لیے 4.33 ارب روپے مختص کیے گئے۔ عورت فاؤنڈیشن کے لیے 5 کروڑ روپے گرانٹ بھی منظور کی گئی۔ سکھر اور روہڑی میں یونین کونسل جانو جی اور پیر اخلاص شاہ کے لیے آر او پلانٹس، اسٹریٹ لائٹس اور پیور بلاکس سمیت منصوبے منظور کیے گئے۔ ابتدائی طور پر 25 فیصد فنڈز جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ دریائے سندھ، نالہ آب SCARP، LBOD اور چھوٹے ڈیمز پر تین بڑے مطالعات کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ نے سیلابی امداد فنڈز میں شفافیت یقینی بنانے کی ہدایت کی اور ٹیکنیکل ہائی وے میڈیکل کمپلیکس جلد مکمل کرنے کا حکم دیا۔ کابینہ نے محکمہ اوقاف کے تحت مزارات کی ترقیاتی اسکیمیں منظور کیں۔ خیرپور کے دروازہ شریف میں حضرت پچل سرمست لائبریری کے قیام کے لیے 5 کروڑ 15 لاکھ روپے منظور کیے گئے۔ بنیادی کے بھٹ شاہ میں حضرت شاہ لطیف بھٹائی کے مزار سے ملحقہ دو سڑکوں کی بحالی اور 200 کے وی اے ٹرانسفارمر کی تنصیب کے لیے 3 کروڑ 38 لاکھ روپے مختص کیے گئے۔ دونوں منصوبوں کے لیے 25 فیصد فنڈز جاری کرنے کی منظوری دی گئی جبکہ زائرین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 32

ہوئے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کچے کے علاقوں کے جامع سروے کی منظوری دی گئی ہے اور اس کے لیے رقم بھی مختص کی گئی ہے، جس سے سیکیورٹی مسائل کے حل میں آسانی ہوگی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے کچے میں آپریشن کیے گئے ہیں جبکہ سندھ کابینہ نے

محکمہ جنگلات کو جامع پالیسیاں بنانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سینٹ پیٹرک اسکول کراچی میں جدید کثیر المقاصد اسٹیڈیم کی تعمیر کے لیے 10 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں، جبکہ سرکاری اداروں میں سابقہ برسوں کے طلبہ کی فیسوں کی واپسی کے لیے 3.4 ارب روپے کی اصولی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایس ای ای جی کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دیتے ہوئے 4.33 ارب روپے مختص کیے ہیں، جبکہ عورت فاؤنڈیشن کے لیے 5 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی منظور کی گئی ہے۔ خیرپور میں درازہ شریف کے مقام پر حضرت سچل سرمست کے نام سے لائبریری کے قیام کی منظوری دی گئی ہے، جس کی لاگت 5 کروڑ 15 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ بھٹ شاہ میں حضرت شاہ لطیف بھٹائی کے مزار پر ترقیاتی کاموں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایک ملین میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہاری کارڈ کے ذریعے کی جائے گی، اور اس سلسلے میں کاشتکاروں کا مکمل ڈیٹا بھی موجود ہے۔ شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے پی آئی ایس پی پروگرام کے آغاز کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے کی ہدایت دی تھی، اسی طرز پر کاشتکاروں کا ڈیٹا بھی جمع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حاملہ خواتین میں کینسر سمیت دیگر امراض کی بروقت تشخیص کے لیے ایک جدید کیئر سینٹر قائم کیا جارہا ہے تاکہ طبی سہولتیں بہتر طور پر فراہم کی جاسکیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ سندھ پولیس نے کچے کے علاقوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اس حوالے سے میڈیا کو وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مختلف اضلاع میں آپریشنز کے دوران 393 افراد نے ہتھیار ڈال دیے ہیں۔ حکومت کی کوشش تھی کہ پہلے رضاکارانہ طور پر ہتھیار ڈالے جائیں، بصورت دیگر کارروائی کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جرم کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے، جبکہ مختلف برادریوں کے سردار اور مقامی بااثر افراد بھی تنازعات کے حل میں مثبت کردار ادا کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 33

سکیورٹی I - کورٹ پولیس بمد دگار 15 - فارنز سکیورٹی سیل شامل ہیں۔ ان مختلف یونٹس کو یکجا کرنے سے ایم یو بڑے پیمانے پر ہونے والے پروگرامز، ہنگاموں اور ممکنہ ہنگامی حالات کی صورتحال کو منظم انداز میں سنبھالنے کی صلاحیت اور نظم و ضبط پر مبنی حکمت عملی اپنائے گا۔ اس یونٹ کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کا تحفظ، سرکاری و نجی املاک کی حفاظت اور جدید حکمت عملی کے ذریعے امن و امان کو برقرار رکھنا ہے۔ اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈاکٹر مقصود احمد نے امن کے قیام میں نظم و ضبط، پیشہ ورانہ مہارت اور فوری ردعمل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اینٹی رائٹ فورس کا قیام سکیورٹی ڈویژن کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے اور ہر وقت شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 34

کے مطابق الزام میں بتایا گیا کہ ملزمان نے حساس مقامات کی معلومات امریکہ اور اسرائیل کی جاسوس ایجنسیوں کو فراہم کیں۔ افراد کو گرفتار کرکے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 35

کے لیے دو نئی ریلیں کراچی اور جیکب آباد تک گئی ہیں۔ جس سے ٹرین کی سروس میں بہتری اور تسلسل یقینی بنایا جا سکے گا۔ سکھر ایکسپریس کی نئی ریک کا افتتاح گورنر سندھ نہال ہاشمی کریں گے، جبکہ افتتاحی تقریب جلد متوقع ہے۔ نئی شامل کی جانے والی ریکس جدید طرز کی کوچز پر مشتمل ہوں گی جن میں اکانومی، اے سی اسٹینڈرڈ اور اے سی بزنس کلاس کوچز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بہتر نشستوں، صفائی کے اعلیٰ معیار، جدید واش رومز اور بہتر لائٹنگ و وینٹیلیشن جیسی سہولیات فراہم کی گئی ہیں تاکہ مسافروں کو ایک محفوظ، آرام دہ اور خوشگوار سفر میسر آ سکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 36

دوران ساخت صنعتی صارفین نے کہا کہ انڈسٹری اپنا بوجھ اٹھانے کے ساتھ ساتھ دوسروں کا بھی بوجھ اٹھاتی ہے، انڈسٹری پر بجلی کی قیمت کا بوجھ کم کیا جائے، دو ماہ کے ایف سی اے میں انڈسٹری نے 590 ارب روپے ادا کیے ہیں، انڈسٹری میں نئی یونٹس اگریکلچر پیکج سے محروم رہ گئے ہیں۔ سی پی پی اے نے کہا ہے کہ فروری تک 2.79 روپے کے قریب منفی ایڈجسٹمنٹ متوقع ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 37

ایک سرگرم جرائم پیشہ عرف اور مبینہ طور پر کنڈہ کوٹ کے ایس ایس پی آفس کے اندر موجود ہیں اور بغیر کسی خوف کے ٹک ٹاک ویڈیو بنا رہے ہیں۔ ویڈیو کے منظر عام پر آنے کے بعد شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ اگر واقعی یہ ویڈیو ایس ایس پی آفس کے اندر کی ہے تو یہ ایک انتہائی سنگین معاملہ ہے کیونکہ ایسے حساس مقام پر جرائم پیشہ افراد کی موجودگی سکیورٹی نظام پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اس طرح کے واقعات قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ساکھ کو متاثر کر سکتے ہیں۔ تاحال پولیس کی جانب سے اس ویڈیو کے حوالے سے کوئی باضابطہ موقف سامنے نہیں آیا، جس کی وجہ سے قیاس آرائیاں مزید بڑھ رہی ہیں۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ اعلیٰ حکام فوری طور پر اس معاملے کا نوٹس لیں، ویڈیو کی حقیقت جانچنے کے لیے شفاف تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی قسم کی غفلت یا ملی بھگت ثابت ہو تو ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 38

جمالی، سیکریٹری جنرل فرید منگریو اور وکلا کی بڑی تعداد نے ان کا استقبال کیا۔ سیکریٹری جنرل فرید منگریو نے استقبالیہ میں کہا کہ آج ایک وکیل گورنر کے عہدے پر فائز ہے۔ ایسوسی ایشن کو امید ہے کہ سید محمد نہال ہاشمی وکلا برادری کے دیرینہ مسائل حل کرائیں گے۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب میں کہا کہ اس اللہ تعالیٰ نے وکالت کے پیشہ کو ایک ریتبہ دیا جس پر فخر ہونا چاہئے۔ پاکستان کے وکلا قائد اعظم محمد علی جناح کے وارث ہیں۔ پیشے کی عظمت کو برقرار رکھنا وکلا برادری کی ذمہ داری ہے۔ عدالتوں میں انصاف کی فراہمی میں وکلا برادری کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ وکلا نے قیام پاکستان میں کلیدی کردار ادا کیا۔ آج ملک کو مستحکم کرنا ہم سب کی اولین ترجیح ہونا چاہئے۔ مرکز سے لیکر صوبے کے ہر فورم پر وکلا برادری کی مقدر سامنے آئیں گے۔ قائداعظم کے اصولوں پر چلتے ہمیں ایک منصفانہ اور بااخلاق معاشرہ تشکیل دینا چاہئے۔ گورنر سندھ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی، ہم آہنگی، مفاہمت اور باہمی احترام پر مبنی ہے۔ فلسطین اور عالمی امن کے لئے اسرائیل سمیت عالمی دہشتگردی سنگین خطرہ ہے۔ بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا آئندہ جارحیت کی تو پوری قوت سے جواب ملے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 39

نے اصفہان کے قریب امریکہ کے ایک MQ-9 ڈرون کو مار گرایا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ڈرون کو منگل کی صبح روک کر تباہ کر دیا گیا ہے۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ مار گرایا جانے والا ڈرون جنگ میں گرایا جانے والا 146 واں ڈرون ہے۔ MQ-9 ریپر جدید جاسوسی نگرانی اور حملے کے مشن کے لیے استعمال ہوتا ہے، کا تخمینہ لاگت تقریباً 30 ملین ڈالر فی یونٹ ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 40

دورے پر آنے کا امکان ہے۔ جہاں وہ بجٹ 27-2026 کی تیاری اور ملک کے اہم معاشی اہداف پر تفصیلی مذاکرات کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے پاکستان سے ٹیکس وصولی بڑھانے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی کارکردگی بہتر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف بجلی کی قیمتوں کے حوالے سے بھی بات کرے گا۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے اور ٹیکس چوری کے خاتمے کے لیے بھی اقدامات پر زور دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد کے ساتھ مذاکرات میں بجلی اور گیس کے شعبے میں اصلاحات، گردشی قرضے کے خاتمے اور ٹیکس اصلاحات پر بات ہوگی۔ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ حکومتی پروگرام اور سرکاری اداروں کی اصلاحات کے معاملات بھی زیر غور آئیں گے۔ اس کے علاوہ گورننس، شفافیت اور کرپشن کے خلاف اقدامات پر بھی بات ہوگی۔ ذرائع نے بتایا کہ آئندہ ریویو میں کارکردگی کی بنیاد پر آئی ایم ایف کی جانب سے اگلی قسط کے اجرا کا فیصلہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 41

سائٹ اے تھانے کے علاقے سائٹ ایریا میں واقع فیکٹری کی لفٹ میں کام کے دوران ایک محنت کش گر کر جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد متوفی کو ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا۔ اسپتال میں متوفی کی شناخت 35 سالہ حارث ولد شمس الرحمان کے نام سے کی گئی۔ جو لفٹ میں کام کے دوران پاؤں پھسلنے کے باعث نیچے گر گیا جس کے نتیجے میں اس کی موت واقع ہو گئی۔ پولیس نے ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد محنت کش کی لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 42

تحویل اور ڈرائیور کو حراست میں لے لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گلشن اقبال کے علاقے میں 33 بس اسٹاپ کے قریب تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار خاتون کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں خاتون زخمی ہو گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور زخمی خاتون کو طبی امداد کے لیے قریبی اسپتال منتقل کیا۔ پولیس کے مطابق زخمی خاتون کی شناخت 17 سالہ عائزہ دختر محمد کے نام سے کی گئی۔ واقعے کے بعد مشتعل افراد نے ڈمپر کو آگ لگانے کی کوشش کی، تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے صورتحال پر قابو پالیا۔ پولیس نے ڈمپر کو تحویل میں لے کر ڈرائیور کو حراست میں لے لیا ہے، پولیس کے مطابق مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 43

سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کی جانب سے کفایت شعاری کے اقدامات کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کوئی بھی محکمہ نئے سرکاری گاڑیوں کے حصول کی درخواست نہ بھیجے۔ اس وقت صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کو جنگی صورتحال کے باعث مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، اور صدر آصف علی زرداری کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں بھی انہی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے گئے۔ سندھ کابینہ کے اجلاس کے بعد وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاالحسن لنجار کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کچے کے علاقوں کے جامع سروے کی منظوری دی گئی ہے اور اس کے لیے رقم بھی مختص کی گئی ہے، جس سے سیکیورٹی مسائل کے حل میں آسانی ہوگی۔ وزارت داخلہ کی جانب سے کچے میں آپریشن کیے گئے ہیں، جبکہ سندھ کابینہ نے محکمہ جنگلات کو جامع پالیسیاں بنانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سینٹ پیٹرک اسکول کراچی میں جدید کثیر المقاصد اسٹیڈیم کی تعمیر کے لیے 10 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں، جبکہ سرکاری اداروں میں سابقہ برسوں کے طلبہ کی فیسوں کی واپسی کے لیے 3.4 ارب روپے کی اصولی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایس ای ای جی کے تحت 98 اسکیموں کی منظوری دیتے ہوئے 4.33 ارب روپے مختص کیے ہیں، جبکہ عورت فاؤنڈیشن کے لیے 5 کروڑ روپے کی گرانٹ بھی منظور کی گئی ہے۔ خیرپور میں درازہ شریف کے مقام پر حضرت سچل سرمست کے نام سے لائبریری کے قیام کی منظوری دی گئی ہے، جس کی لاگت 5 کروڑ 15 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ بھٹ شاہ میں حضرت شاہ لطیف بھٹائی کے مزار پر ترقیاتی کاموں کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ سندھ کابینہ نے ایک ملین میٹرک ٹن گندم خریدنے کا فیصلہ کیا ہے، جو ہاری کارڈ کے ذریعے کی جائے گی، اور اس سلسلے میں کاشتکاروں کا مکمل ڈیٹا بھی موجود ہے۔ شرجیل انعام میمن نے مزید کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے بی آئی ایس پی پروگرام کے آغاز کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے کی ہدایت دی تھی، اسی طرز پر کاشتکاروں کا ڈیٹا بھی جمع کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حاملہ خواتین میں کینسر سمیت دیگر امراض کی بروقت تشخیص کے لیے ایک جدید کیئر سینٹر قائم کیا جارہا ہے تاکہ طبی سہولتیں بہتر طور پر فراہم کی جاسکیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ، قانون و پارلیمانی امور ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ سندھ پولیس نے کچے کے علاقوں میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور اس حوالے سے میڈیا کو وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مختلف اضلاع میں آپریشنز کے دوران 393 افراد نے ہتھیار ڈال دیے ہیں۔ حکومت کی کوشش تھی کہ پہلے رضاکارانہ طور پر ہتھیار ڈالے جائیں، بصورت دیگر کارروائی کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جرم کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔



عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہر قدم اٹھائیں گے، محسن نقوی

کراچی انتظامیہ کا فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 200 دکانیں اور ایک کمرشل پلازہ سیل

میں سیفٹی آڈٹ مکمل کر لیا گیا ہے 197 عمارتوں میں جزوی طور پر جبکہ 285 بڑی حد تک عملدرآمد کیا جا رہا ہے' کمشنر کو ڈپٹی کمشنرز کی رپورٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی انتظامیہ نے فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کے لئے کریک ڈاؤن شروع کیا ہے۔ دو روز میں 200 دکانیں اور ایک کمرشل پلازہ سیل کیا گیا ہے۔ منگل کو پاشا سینٹر میں اسسٹنٹ کمشنر صدر مظفر پراچ نے کارروائی کر کے پاشا سینٹر میں سیفٹی اقدامات نہ کرنے پر دو سو دکانیں سیل کیں جبکہ پیر کو اسسٹنٹ کمشنر فیروزآباد جویریہ اشرف نے فائر سیفٹی قوانین پر عمل نہ کرنے پر کارروائی کر کے طارق روڈ پر حسین پلازہ سیل کیا۔ ڈپٹی کمشنرز نے کمشنر کراچی کو رپورٹ کیا ہے کہ جن دکانوں اور کمرشل پلازہ میں تنبیہ کے باوجود سیفٹی قوانین پر عمل نہیں کیا جا رہا تھا انہیں سیل کیا گیا ہے۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز سے کہا ہے کہ وہ تمام عمارتوں کا سیفٹی آڈٹ کریں اور فائر سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرائیں جو سیفٹی قوانین پر عمل نہ کرے اور حفاظتی باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



سول سرجن ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب

علما کرام، معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

علما کرام نے ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کی سول ہسپتال میں خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

میرپورخاص (بیورو چیف ڈاکٹر اقبال سوکڑی) سول سرجن ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص میں علمائے اہلسنت کی جانب سے سول سرجن ڈاکٹر پیر سید غلام نبی شاہ جیلانی کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک پروقار الوداعی تقریب جامع مسجد حسن مصطفیٰ نیو سول ہسپتال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں علما کرام،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

اتحاد المدارس کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان، مدارس کو رزلٹ بھیجنے کا سلسلہ جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اتحاد المدارس الاسلامیہ پاکستان کے زیر اہتمام سال 2026 کے امتحانات کے نتائج جاری کرنے کا باقاعدہ سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ کراچی سے کشمیر تک تمام ملحقہ مدارس کو مرحلہ وار ان کے نتائج ارسال کیے جا رہے ہیں۔

سماجی کارکن زاہد رحیم انسانیت کی بلاوث خدمت کر رہے ہیں، ساجد محمود

ضرورتمند مریضوں کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی نیک عمل ہے، عمران سمہ

121 ویں مفت آئی کیمپ میں 52 مریضوں میں موتیا کی تشخیص کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز سماجی رہنما بانی و چیئرمین خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن زاہد رحیم نے بختیار لطیف میموریل ہسپتال بالتعاون کراچی کی زیر سرپرستی آنکھوں (موتیا) کے غریب اور دیگر امراض کے ضرورتمند مریضوں کے لیے کریسنٹ پبلک اسکول کیمپس 2، ملیر کھوکھراپار میں 121 ویں مفت آئی میڈیکل کیمپ کا اہتمام کیا ہے۔ جس میں قریب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کراچی کے مصروف ترین تجارتی مرکز میں 200 دکانوں کو سیل کر دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مصروف ترین تجارتی مرکز پاشا سینٹر میں فائر سیفٹی اقدامات نہ ہونے پر 200 دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے مصروف ترین تجارتی مرکز پاشا سینٹر میں فائر سیفٹی اقدامات کی عدم تکمیل پر ضلعی انتظامیہ نے بڑی کارروائی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

معصوم بچی زینب بتول نے اپنی ساری عیدی ایران اور لبنان کے نام کر دی

رہبر معظم سید علی خامنہ ای کی یاد میں عید کی خوشیاں قربان، بچی کی مثال قابل تقلید قرار

ڈونیشن کیمپ میں بچوں کی بڑی تعداد، عیدی، جمع پونجی اور سائیکلیں بھی عطیہ

کراچی (رپورٹ محمد عبداللہ سیرانی) ایک معصوم بچی زینب بتول نے انسانیت اور ہمدردی کی شاندار مثال قائم کرتے ہوئے اپنی ساری عیدی ایران اور لبنان کے جنگی متاثرین کے نام کر دی۔ بچی کی جانب سے عیدی کی مکمل رقم قائم کیے گئے ڈونیشن کیمپ میں جمع کروائی گئی، جس کے بعد وہاں موجود افراد کو حیرانی کر دیا۔ بچی کے والد کے مطابق رہبر معظم سید علی خامنہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

محکمہ اوقاف کی جائیدادوں پر قبضوں کے خاتمے کیلئے سخت کارروائی کا فیصلہ

محکمہ اوقاف کی جائیدادوں کو ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق نئے کرایوں پر دینے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، ہدایت

صوبائی وزیر سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی زیر صدارت سندھ اسمبلی کے کمیٹی روم میں محکمہ اوقاف کی املاک سے متعلق اہم اجلاس منعقد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی صوبائی وزیر سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی زیر صدارت سندھ اسمبلی کے کمیٹی روم میں محکمہ اوقاف کی زرعی و شہری املاک سے متعلق کل ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری اوقاف اختر حسین گھنگھرو، چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف حیدرآباد، اختیار علی ابڑو، مختلف اضلاع کے ایڈمنسٹریٹرز، انجینئرز، ممبران اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران محکمہ اوقاف کی جائیدادوں کے موثر استعمال، کرایہ داری نظام میں بہتری اور جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر کی زیر صدارت اجلاس میں متعدد اہم عملی نوعیت کے فیصلے کیے گئے۔ صوبائی وزیر ریاض حسین شاہ شیرازی نے ہدایت دی کہ محکمہ اوقاف کی جائیدادوں کو ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے مقرر کردہ نرخوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



غنڈہ گردی اور جماعت اسلامی رونے دھونے کے بجائے کام پر توجہ دے، کرم اللہ وقاصی

جماعت کے رہنماؤں نے پریس کانفرنس کو کھیل بنا لیا، روزانہ جماعت اسلامی کے رہنما کوئی نہ کوئی پریس کانفرنس کھیل کراپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں

میئر کی قیادت میں کراچی میں ہونے والے ترقیاتی کاموں نے جماعت اسلامی کو دیوار سے لگا دیا ہے، شہر میں بدامنی کی کوششیں کسی صورت قبول نہیں کی جائیں گی، ترجمان میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کے ترجمان اور پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے جماعت اسلامی کے اپوزیشن رہنما سیف الدین ایڈووکیٹ کی جانب سے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ میں ہونے والی ملاقات اور بعد ازاں پریس کانفرنس پر شدید تنقید کی ہے۔ کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے پریس کانفرنس کو کھیل بنا لیا ہے۔ روزانہ جماعت اسلامی کے رہنما کوئی نہ کوئی پریس کانفرنس کھیل کر اپنی ڈیوٹی پوری کرتے ہیں۔ سیف الدین ایڈووکیٹ کی جانب سے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کی انتظامیہ پر لگائی گئی تنقید کو صرف بے بنیاد ہے بلکہ حقیقت سے مکمل طور پر عاری ہے۔ کرم اللہ وقاصی نے واضح کیا کہ کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈرائیونگ لائسنس کا کیمپ لگایا گیا

ڈرائیونگ لائسنس کیمپ میں عوام کی بڑی تعداد نے اپنا لرنگ ڈرائیونگ لائسنس بنوایا

کیمپ میں شرجیل گوپلانی، زاہد امین، محمد احمد شمسی، یعقوب بالی، چوہدری، اسلم پرویز و دیگر کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کی جانب سے آرام باغ میں ذکی دہلی والے کی شاپ پر 2 روزہ ڈرائیونگ لائسنس کا کیمپ لگایا گیا۔ جس میں عوام کی بڑی تعداد نے اپنا لرنگ ڈرائیونگ لائسنس بنوایا۔ اس موقع پر آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ محمد شرجیل گوپلانی، زاہد امین، محمد احمد شمسی، یعقوب بالی، ایوب چوہدری، اسلم پرویز، ایس ایم سعید، طیب صدیقی، آفرین صدیقی، کاشف سعیدی، طارق ممتاز، تکمیل باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

مزدوروں کے حقوق کا تحفظ ریاست اور اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، متحدہ ورکرز فرنٹ (سی بی اے)

ادارے میں متعارف کرائی جانیوالی میڈیکل انشورنس پالیسی اور مختلف شعبوں کی آؤٹ سورسنگ مزدوروں کے مفادات کیخلاف ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائیگا

مزدوروں کے حقوق کا تحفظ ریاست اور اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، مگر افسوس کیساتھ یہاں مزدوروں کیساتھ ناانصافی کی جا رہی ہے، ممبر صوبائی اسمبلی اعجاز الحق ارشد انصاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن میں میڈیکل انشورنس پالیسی، ریونیو ولیس شعبے کی آؤٹ سورسنگ اور چارٹرڈ آف ڈیمانڈ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

یو سی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کی شوکت جاوید میر اور جاوید احمد پٹھانوی سے ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور سمیت ملک کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

خطے کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر بھی غور کیا گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یو سی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت نے مظفرآباد کے دورے کے دوران وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر کے ترجمان شوکت جاوید میر اور وزیر خوراک جاوید احمد پٹھانوی سے خصوصی ملاقات کی۔ جس میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت ملک کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے موقع پر سینئر صحافی عقیل اعوان بھی موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق گفتگو کے دوران خطے کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور مختلف شعبوں میں باہمی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



آل سٹی تاجر اتحاد ایسوسی ایشن کی جانب سے آرام باغ میں ذکی دہلی والے کی شاپ پر 2 روزہ ڈرائیونگ لائسنس کا کیمپ پر شرجیل میمن و دیگر کا گروپ فوٹو

کراچی پریس کلب میں دریچہ فن و ادب کے زیر اہتمام شاندار عید ملن مشاعرہ

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد نعتیہ کلام پیش کیا گیا

عارف پرویز نقیب، ناہید عزمی، ام مغل، ڈاکٹر خالد محمود قیصر اور توقیر تقی شامل تھے



کراچی (رپورٹ: اشعر عالم عماد) بین الاقوامی ادبی و ثقافتی تنظیم دریچہ فن و ادب کے زیر اہتمام مورخہ 29 مارچ 2026 کو کراچی پریس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



یو سی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت نے مظفرآباد کے دورے کے دوران وزیر اعظم آزاد جموں و کشمیر کے ترجمان شوکت جاوید میر اور وزیر خوراک جاوید احمد پٹھانوی سے خصوصی ملاقات کر رہے ہیں

خطے میں کشیدگی، توانائی بحران سے معیشت پر پڑنے والے اثرات تشویشناک ہیں، کاٹی

حکومت پاکستان کی جانب سے امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کے فروغ کیلئے کی جانے والی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہیں

حکومت توانائی بچت اور ممکنہ لاک ڈاؤن کا فیصلہ مشاورت سے کرے، حکومت کی سفارتی کوششیں قابل تعریف ہیں، صدر محمد اکرام راجپوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے خطے میں اسرائیل، امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی اور ممکنہ خلیجی ممالک میں جنگی صورتحال سمیت آنے والے ہر حربے تیل اور گیس کی ترسیل پر ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کی صورتحال نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ عالمی معیشت، خصوصاً پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے لیے شدید خطرات کا باعث بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جنگی صورتحال کے باعث توانائی کی بچت اور ممکنہ طور پر لاک ڈاؤن جیسے اقدامات پر فیصلہ بزنس کمیونٹی کی مشاورت سے کرے۔ اکرام راجپوت نے کہا کہ اگر جنگ کا دائرہ وسیع ہوتا ہے تو اس کے براہ راست اثرات پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافے،

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



سندھ حکومت کراچی کے ترقیاتی منصوبے فوری مکمل کرے، بلال عباس قادری

سیوریج کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے، گلیوں اور سڑکوں پر گندا پانی جمع رہنا معمول بن چکا ہے، کراچی کے عوام کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے

شہر قائد میں صفائی، سیوریج اور پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا، عوام کو بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی حکومتی ناکامی ہے، مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی صدر صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے سندھ حکومت کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے تاخیر کا شکار ہیں، جس کی وجہ سے شہریوں کی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان منصوبوں کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ شہر قائد جو ملک کا سب سے بڑا معاشی حب ہے، آج بنیادی سہولیات سے محروم دکھائی دیتا ہے۔ صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال نے شہر کو کچرے کے ڈھیر میں تبدیل کر دیا ہے، جبکہ سیوریج کا نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ گلیوں اور سڑکوں پر گندا پانی جمع رہنا معمول بن چکا ہے، جس سے نہ صرف ٹریفک کے مسائل جنم لے رہے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

اپریل میں بارش کے نئے سلسلے کے حوالے سے نئی ایڈوائزری جاری

کراچی میں جمعرات کو گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جبکہ مذکورہ سسٹم شہر پر 4 اپریل تک بارشوں کی صورت اثرانداز رہ سکتا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے اپریل کے آغاز پر بارش کے نئے سلسلے کے حوالے سے نئی ایڈوائزری جاری کر دی۔ محکمہ موسمیات کی ارلی وارننگ سینٹر پیشگوئی کے مطابق مغربی ہواؤں کا نیا سلسلہ کل بلوچستان کے راستے ملک میں داخل ہونے کا امکان ہے۔ کراچی میں جمعرات کو گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جبکہ مذکورہ سسٹم شہر پر 4 اپریل تک بارشوں کی صورت اثر انداز رہ سکتا ہے۔ شہر کے کچھ مقامات پر موسلا دھار بارشیں متوقع ہیں جبکہ بیشتر سندھ کے مختلف اضلاع میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارشیں ہونے کا امکان ہے۔ وسطی سندھ شمول کراچی میں بارشوں کے دوران ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔

پاکستان کو قائداعظم کے اصولوں پر چلانے کی ضرورت ہے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملک کا وقار بھارت اور افغانستان و دیگر پراکسی وار میں دشمن کو شکست دے کر بڑھانے کے علاوہ سفارتی محاذ پر بھی حکومت کی مدد کی ہے

ہم نے وطن پرستی کی تحریک کو ملک بھر کی آواز بنا دیا، پاکستانی ہونے پر فخر کریں، 18 ویں ترمیم کا فائدہ نچلی سطح تک آنا چاہیے، سابق گورنر سندھ کا ویڈیو لنک خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق گورنر سندھ و سربراہ ایم پی پی ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو قائداعظم کے اصولوں پر چلانے کی ضرورت ہے۔ کام اور صرف کام، سیاست کی بجائے ملک کی ہر شہری کو بلا امتیاز حقوق دیے جائیں۔ پاکستانی ہونے پر فخر کریں۔ 18 ویں ترمیم کا فائدہ نچلی سطح تک آنا چاہیے۔ انہوں نے یہ بات اسلام آباد، ملتان، راولپنڈی، مانسہرہ، پشاور کے عہدیداروں اور اراکین کمیٹیوں سے ویڈیو لنک سے خطاب میں کہی۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

حاجی محمد علی کی وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر کے ترجمان شوکت جاوید میر سے ملاقات

یو سی چیئرمین حاجی محمد علی کو اسلام آباد پہنچنے پر سندھ ہاؤس میں بطور خاص مہمان ٹھہرایا گیا



میرپورخاص (بیورو چیف ڈاکٹر اقبال سوکڑی) یو سی چیئرمین حاجی محمد علی نے مظفرآباد میں وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر کے ترجمان شوکت جاوید میر سے اہم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

سردار معظم علی خان عباسی فنکشنل مسلم لیگ میں شامل، سیاست میں بڑی تبدیلی

پیر سائیں پگارا کے ہمراہ سید صدرالدین شاہ راشدی، سید اسماعیل شاہ اور راشد شاہ راشدی بھی موجود تھے

سردار معظم عباسی نے پیر سائیں پگارا کے حکم کو لبیک کہتے ہوئے پارٹی میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا



خیرپور (رپورٹر) سردار معظم علی خان عباسی نے پیر سائیں پگارا کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات کے بعد پاکستان فنکشنل مسلم لیگ میں باضابطہ شمولیت کا اعلان کر دیا ہے، جس کے بعد حلقہ کی سیاسی فضا میں نئی ہلچل پیدا ہو گئی ہے۔ ملاقات کے دوران پیر سائیں پگارا کے ہمراہ سید صدرالدین شاہ راشدی، سید اسماعیل شاہ راشدی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



گھریلو تشدد ایکٹ 2013 پر موثر عملدرآمد کیلئے صوبائی سطح کا پالیسی ڈائیلاگ سندھ کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کے زیر اہتمام آواز دو پروگرام کے اختتام پر شرکا کا گروپ فوٹو

خلیل الرحمٰن خاصخیلی کی وفد کے ہمراہ ملک امام الدین شوقین سے ملاقات

تعلقہ اسپتال ٹنڈو آدم کی بہتری، طبی سہولیات کی فراہمی اور درپیش مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی

پیرا میڈیکل ونگ کے یونٹ کے قیام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے عہدیداران اور ٹیم کو مبارکباد پیش کی



ٹنڈو آدم (رپورٹ محمد ذیشان راہی) پیپلز پیرا میڈیکل ونگ تعلقہ اسپتال ٹنڈو آدم کے صدر خیر النساء اور جنرل سیکرٹری خلیل الرحمٰن خاصخیلی نے اپنے وفد کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم شفیق احمد چوہدری کی زیر صدارت اہم میٹنگ

میٹنگ میں ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے صحافیوں برادری اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی

عوام تک درست اور بروقت معلومات کی فراہمی میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے

جہلم (مخدوم حسین چوہدری) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم شفیق احمد چوہدری کی زیر صدارت ڈی پی او آفس میں میڈیا نمائندگان کے ساتھ اہم میٹنگ کا انعقاد۔ میٹنگ میں ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے صحافیوں برادری اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ ڈی پی او جہلم نے میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ عوام تک درست اور بروقت معلومات کی فراہمی میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے۔ پولیس اور میڈیا کے درمیان مضبوط رابطہ عوامی مسائل کے حل اور جرائم کے خاتمے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

شعائر اسلام کی بے حرمتی کا مقدمہ، ویٹ بورڈ رجب بٹ کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج وسطی کی عدالت نے ریورڈ شعائر اسلام کی بے حرمتی کرنے کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔

میرپورخاص، پوش علاقوں میں دوہری سپلائی اور عام شہریوں پر ظلم کی بدترین مثال

عام شہریوں کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے مگر پوش علاقوں میں چند منتخب افراد کو مکمل ریلیف فراہم کرنے کا تہلکہ خیز انکشاف

با اثر افراد کو لوڈشیڈنگ سے بچانے کیلئے بلکہ ان کے گھروں کی دیواروں پر نصب کی گئی ہے تاکہ عام بجلی میٹر اور آڈٹ سے بچایا جا سکے

میرپورخاص (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پوش علاقوں میں دوہری سپلائی اور عام شہریوں پر ظلم کی بدترین مثال، میرپورخاص میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے مگر پوش علاقوں میں چند منتخب افراد کو مکمل ریلیف فراہم کرنے کا تہلکہ خیز انکشاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

جماعت اسلامی شعبہ حج کے تحت عازمین حج کا تربیتی اجتماع 4 اپریل کو ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کراچی شعبہ حج کے تحت عازمین حج کا تربیتی اجتماع ہفتہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

سانحہ گل پلازہ: عدالتی کمیشن کی کارروائی آخری مرحلے میں داخل، رپورٹ جلد متوقع

کمیشن نے سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سے مزید سوالات کرتے ہوئے وضاحت طلب کر لی ہے

تحقیقات کے لیے عدالتی کمیشن قائم کیا گیا تھا جسے آٹھ ہفتوں میں انکوائری مکمل کرنے کا وقت دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سانحہ گل پلازہ پر قائم عدالتی کمیشن کی کارروائی مکمل ہونے کے قریب پہنچ گئی ہے اور کمیشن کی رپورٹ جلد آنے کا امکان ہے۔ کمیشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم شفیق احمد چوہدری کی زیر صدارت ڈی پی او آفس میں میڈیا نمائندگان کے ساتھ اہم میٹنگ ہو رہی ہے

امتحانی نتائج میں ہیرا پھیری، کنٹرولر امتحانات برطرف

(SSC) اور (HSC) کے نتائج میں مبینہ ردوبدل اور جعلی سرٹیفکیٹس کے اجرا سے متعلق سنگین الزامات



میرپورخاص (بیورو چیف ڈاکٹر اقبال سوکڑی) حکومت سندھ کے یونیورسٹیز اینڈ بورڈز ڈیپارٹمنٹ نے میرپورخاص تعلیمی بورڈ میں بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں پر سخت کارروائی کرتے ہوئے کنٹرولر امتحانات انجینئر انور علیم خانزادہ کو ملازمت سے برطرف کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (BISE) میرپورخاص میں سالانہ امتحانات (SSC) اور (HSC) کے نتائج میں مبینہ ردوبدل اور جعلی سرٹیفکیٹس کے اجرا سے متعلق سنگین الزامات سامنے آئے تھے، جن کی بنیاد پر 20 فروری 2026 کو انکوائری رپورٹ مرتب کی گئی۔ احکام کے مطابق، ملزم افسر کو شوکاز نوٹس جاری کیا گیا اور بعد ازاں 10 مارچ 2026 کو معطل بھی کر دیا گیا، تاہم انہوں نے نا تو تسلی بخش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ بین المذاہب ہم آہنگی کے اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عاصم عباسی، علامہ قاضی احمد نورانی، علامہ صادق جعفری اور مختلف رہنما و افسران شریک ہیں